★★پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Web: www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 16 محرم الحرام 1447ھ، 12 جولائی 2025ء 29 ساون 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 235

نظام کی تبدیلی کیلئے ماہرین کی معاونت انتہائی ضروری ہے

وزیراعظم

نظام کی تبدیلی کیلئے بین الاقوامی شہرت یافتہ ماہرین کی معاونت انتہائی ضروری ہے، شعبے کے ماہرین اور لیجسلیٹس جدید دور کے تقاضوں کے مطابق اصلاحات سے نئی سوچ اور گورننس کے طریقہ کار کو رائج کرنے میں معاون ہونگے



لاہور چیئرمین پنجاب ہیومن پرفیکشن اتھارٹی مہر پرویز بٹ کے ٹرسٹی ہونے والی پاکستان کی اوّل ہسپتال میں عیادت کر رہے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے وزارتوں کی کارکردگی بڑھانے کیلئے ہر شعبے کے ماہرین کی خدمات حاصل کرنے کی ہدایت کر دی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں وزارت بجلی کی جانب سے گورننس کی بہتری اور اصلاحات کیلئے ماہرین پر مشتمل (بقیہ نمبر 4)

سردار ایاز صادق کی سڑھا کہ میں مسافروں پر تھینہ الہند وستان کے دہشتگردوں کے حملے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے سڑھاکہ بلوچستان میں بے گناہ مسافروں پر تھینہ الہند وستان کے دہشتگردوں کے حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ جعہ کو قومی (بقیہ نمبر 2)

خالد حسین مگسی کی زیر صدارت پی ایس کیو اے کے 35 ویں بورڈ اجلاس

ادارہ جاتی کارکردگی بڑھانے کے لیے اہم اصلاحات کی منظوری

آپریشنل سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے نئے گاڑیوں کی خریداری کی منظوری دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اسٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (PSQCA) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز 35 ویں اجلاس وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی و چیئرمین بورڈ (بقیہ نمبر 8)



وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس ہو رہے ہیں

عسکری سطح پر برتری برقرار، بھارتی ڈرامے اور کاروائیاں ہماری جیت کو نہیں روک سکتیں

سیز فائر برقرار

اسحاق ڈار

بھارت دنیا میں تنہائی کا شکار، ہم نے پلوامہ کی طرح بھارت کا بیانیہ کامیاب نہیں ہونے دیا، رت نے سندھ طاس معاہدہ معطل کر کے عجیب حرکت کی، بھارت پر واضح کر دیا تھا کہ پاکستان کا پانی روکنا اقدام جنگ تصور کیا جائے گا

کابل جا کر چائے پینے ، دہشتگردوں کیلئے سرحد کھولنے سے پاکستان کا نقصان ہوا، ہم روایتی نہیں اقتصادی سفارت کاری پر عمل پیرا ہیں، تقریب سے خطاب

کوالالمپور (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ بھارت اب دنیا میں تنہائی کا شکار ہے، پہلگام واقعے کے بعد ہم نے پلوامہ کی طرح بھارت کا بیانیہ کامیاب نہیں ہونے دیا، واقعے کے چند دن بعد ہی وزیراعظم شہباز شریف نے تحقیقات کی پیشکش کی تھی۔ کوالالمپور میں پاکستانی کمیونٹی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسحٰق ڈار نے کہا کہ بھارت نے سندھ طاس معاہدہ معطل کر کے عجیب حرکت کی، بھارت پر واضح کر دیا تھا کہ پاکستان (بقیہ نمبر 1)

ڈیجیٹل میڈیا پاکستان اور چین کے درمیان نئی راہداری ہے، عطاء تارڑ

پاکستان وادی سندھ کی عظیم تہذیب کا وارث ہے، اس تہذیب کے آغاز چین سے ہوتا ہے۔ قدیم شاہراہ ریشم آج پاک چین اقتصادی راہداری کی شکل اختیار کر چکی ہے

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء تارڑ کا کہنا ہے کہ ڈیجیٹل میڈیا پاکستان اور چین کے درمیان ہی ثقافتی وراثت اور جدت کے موضوع پر فورم سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر عطاء تارڑ کا کہنا تھا کہ چین کو ہم ہمیشہ اپنا اچھا بھائی کہتے آئے ہیں، ہماری (بقیہ نمبر 11)



وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری ایف پی سی سی آئی کے چارٹرڈ وفد سے گفتگو کر رہے ہیں

سندھ کے بالائی علاقوں اور کراچی میں 15 سے 17 جولائی کے دوران بارش متوقع

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ سندھ کے بالائی علاقوں اور کراچی میں 15 سے 17 جولائی کے (بقیہ نمبر 12)

محمود طیمل کا امریکی سرکاری اداروں پر 2 کروڑ ڈالر ہرجانے کا دعویٰ

واشنگٹن (این این آئی) فلسطینی نژاد امریکی اور کولمبیا یونیورسٹی کے سابق طالبعلم (بقیہ نمبر 13)



ہانگ کانگ: پاکستان کے وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور ویتنام کے وزیر صنعت و تجارت دوطرفہ ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

غزہ میں اسرائیلی حملے میں فلسطینی بچوں کے مارے جانے پر شدید غم و غصے کا اظہار

والدین خود وہ کوئی بھی ہوں، کے سامنے ان کے بچوں کو اس طرح نہیں مارا جانا چاہیے، یو این سیز برائے

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ نے بچوں کے خلاف (یونیسیف) کی سربراہ کیتھرین رسل نے غزہ میں امدادی تقسیم کے دوران اسرائیلی کی جانب سے فلسطینی بچوں کے قتل کو ''غیر ذمہ (بقیہ نمبر 10)

پاکستان کی بڑی تعداد یوای کی معیشت کی مضبوطی میں کردار ادا کر رہی ہے

محسن نقوی

محسن نقوی کی یو اے ای کے نائب وزیراعظم و وزیر داخلہ سے ملاقات، سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی خصوصاً آرٹیفشل انٹیلیجنس سے استفادہ کرنے کی ضرورت پر زور

یو اے ای کیساتھ برادرانہ تعلقات ہر پاکستانی کیلئے اثاثہ، سکیورٹی سمیت دوطرفہ تعاون کے ہر شعبے میں تعاون کو مزید وسعت دینا چاہتے ہیں، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ یو اے ای کے ساتھ برادرانہ تعلقات ہر پاکستانی کیلئے اثاثہ ہے، سکیورٹی سمیت دوطرفہ تعاون کے ہر شعبے میں تعاون کو مزید وسعت دینا چاہتے ہیں، وزیر داخلہ محسن نقوی کی یو اے ای کے نائب وزیراعظم و وزیر داخلہ سے ملاقات ہوئی۔ امارتی وزارت داخلہ کے پریس ونگ کا پیشتاک ایکس اسٹیٹل کیا گیا





آٹو فنانسنگ میں بہتری کے باعث گاڑیوں کی فروخت میں 30 فیصد اضافہ

آٹو فنانسنگ میں بہتری کے باعث گاڑیوں کی فروخت میں 30 فیصد اضافہ

آٹو فنانسنگ کے اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال کے دوران گاڑیوں کی مجموعی فروخت 116 کاف 398 اور 790 یونٹس رہی، جو گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں فروخت میں نمایاں کمی کی نشاندہی کرتا ہے، رپورٹ کے مطابق اس کمی کی بڑی وجہ شرح سود میں اضافہ اور مہنگائی کی وجہ سے صارفین کی قوت خرید میں کمی ہے، گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے میں گاڑیوں کی فروخت 89 ہزار 790 یونٹس رہی تھی، جو رواں مالی سال کے اسی عرصے میں کم ہو کر 62 ہزار 398 یونٹس رہ گئی، رپورٹ کے مطابق آٹو فنانسنگ میں بہتری کے اثرات آٹو انڈسٹری پر نمایاں ہونے کی توقع ہے، آٹو انڈسٹری کی پیداوار میں بہتری سے حکومت کو بھی ٹیکس کی مد میں زیادہ آمدنی ہوگی، رپورٹ کے مطابق آٹو فنانسنگ میں بہتری سے روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ (بقیہ نمبر 9)

مودی سرکار نے بنگالی نژاد مسلمان خاندانوں کے گھر بلڈوز کر دیئے

دہلی (این این آئی) بھارت کی مودی سرکار نے آسام میں بنگالی نژاد مسلم خاندانوں کے گھر بلڈوز کر دیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دی ہے ہی کی گئی چٹی مودی سرکار نے فسطائیت کا (بقیہ نمبر 6)

بانی پی ٹی آئی کی ہدایت ہے کہ سینیٹ الیکشن کیلئے کاغذات جمع کروں، مشال یوسفزئی

بانی پی ٹی آئی نے کسی کو بھی سینیٹ کا ٹکٹ دینے کا نہیں کہا، چیئرمین پی ٹی آئی ہیرسٹر گوہر

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی کور کمیٹی کی رکن مشال یوسفزئی نے دعویٰ کیا ہے کہ انہیں بانی پی ٹی آئی نے سینیٹ الیکشن کیلئے کاغذات نامزدگی جمع کروانے کی ہدایت کی ہے۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 29)



لاہور: سیکرٹری ایئر چیف سروس مارشل شہباز عظیم سکیورٹی کے سربراہ ڈاکٹر رضوان نصیر، سکیورٹی کے سربراہ محمد شعیب کا جسد خاکی نماز جنازہ کے لئے لا رہے ہیں

نوشکی جلاؤ گھیراؤ کیس: شاہ محمود، عمر چیمہ، محمود الرشید کی درخواستِ ضمانت خارج

پولیس نے حقائق کے برعکس مقدمہ درج کیا، جلاؤ گھیراؤ سے کوئی تعلق نہیں ہے

عدالت نے اس کیس میں گرفتاریوں کو بری کیا ہے، عدالت نے طرمان کو 8 اور 2025ء کو اس کیس میں بری کیا ہے

بغیر ایون اوکی کے لانچ کی گئی ہاؤسنگ سکیم زمینوں پر قبضے، واپڈا اراضی کی فروخت عوام اور اوورسیز کشمیریوں کو دھوکہ، محمد طاہر کھوکھر

اسلام آباد (این این آئی) پاسبان وطن پاکستان کے مرکزی صدر اور سابق وزیر سیالکوٹ (بقیہ نمبر 20)

مریم نواز پنجاب کے گوشت کی خدمت کی تاہم برداشت نہیں کرتی ہیں

وزیر اطلاعات

عظمیٰ بخاری سے جلوسوں کے لاؤڈ سپیکرز اور شیعہ علماء کی ملاقات، مثالی انتظامات پر اظہار تشکر کیا، کمشنر اور ڈی آئی جی آپریشن پنجاب طاہر رضا ہمدانی بھی موجود تھے

محرم الحرام کے انتظامات پر مجالس اور جلوسوں کے حفاظتی انتظامات کی لمحہ بہ لمحہ مانیٹرنگ خود کی: وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے محرم جلوسوں کے لاؤڈ سپیکرز اور امن کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں مجالس اور جلوس کے لاؤڈ سپیکرز اور شیعہ علماء کونسل پنجاب کے وفد نے بھی ملاقات کی، وفد کی جانب سے مریم نواز کا شکریہ ادا کیا گیا۔ ملاقات میں سیکرٹری انفارمیشن پنجاب طاہر رضا ہمدانی بھی موجود تھے۔ وزیر اطلاعات نے شیعہ علماء کونسل پنجاب کے وفد کے بھی ملاقات کی، وفد کی جانب سے مریم نواز کا شکریہ ادا کیا گیا۔ ملاقات میں سیکرٹری انفارمیشن پنجاب طاہر رضا ہمدانی بھی موجود تھے

مہاتیر محمد نے زندگی کے 100 برس مکمل ہونے کا تاریخی سنگ میل عبور کر لیا

مہاتیر محمد نے زندگی کی سنچری مکمل کرنے کے بعد بھی کافی متحرک نظر آتے ہیں، رپورٹ

مبارکباد موصول کرنے کے بعد اپنا مشہور سفاری سوٹ پہن کر کام کرنے کے لیے اپنے دفتر گئے

کوالالمپور (این این آئی) ملائیشیا کے سابق وزیر اعظم مہاتیر محمد نے تاریخی سنگ میل عبور کر لیا، وہ گزشتہ روز 100 برس کے ہو گئے۔ مہاتیر محمد نے اپنی زندگی کا نصف سے زائد حصہ سیاست اور عوامی خدمت میں گزارا ہے۔ ملائیشیا کی اس اہم سیاسی شخصیت نے اپنی انقلابی قیادت کی وجہ سے متعدد (بقیہ نمبر 22)

ہمتیں پنجاب کے عوام کی صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، وزیر اعلیٰ

صوبائی وزیر صحت

ہسپتال کے اندر جدید طبی مشینری کی تنصیب مکمل ہو چکی ہے جبکہ ان ڈور بلڈنگ کا 80 فیصد تعمیراتی کام مکمل کر لیا گیا ہے، خواجہ سلمان رفیق

گردوں والوں کی ایمرجنسی آف ڈی آر آئی چوہدری شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاکھوں مریضوں کو امراض قلب کے علاج و معالجہ کی بین الاقوامی سطح کی طبی سہولیات میسر آئیں گی

سرگودھا (این این آئی) صوبائی وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صحت کے شعبے میں بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، حکومت پنجاب عوام کی سہولت کی خاطر ریکارڈ مدت میں صحت کے مسنوعیں کو مکمل کر رہی ہے۔ سرگودھا میں انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے ساتھ ساتھ امراض قلب کے علاج و معالجہ کی بین الاقوامی سطح کی طبی سہولیات (بقیہ نمبر 28)

اندراج مقدمہ میں تاخیر سے کیا ہوا، خیر نہیں کی جا سکتی

سپریم کورٹ

قابل دست اندازی جرم میں مقدمہ کا اندراج لازم ہے، سندھ میں اکثر مقدمات کا اندراج میں تاخیر دیکھی گئی ہے

مقدمات کا اندراج اور تفتیش ایگزیکٹو عمل ہیں، مقدمات کا اندراج اور تفتیش فوجداری نظام کا اہم اور بنیادی جزو ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سپریم کورٹ نے پولیس رویے کے خلاف اہم فیصلہ سناتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس متقدمے کے اندراج سے انکار یا تاخیر نہیں کر سکتی۔ جسٹس اطہر من اللہ نے پولیس رویے سے متعلق (بقیہ نمبر 33)

13 جولائی ظلم و ناانصافی کے خلاف کشمیری عوام کی جدوجہد کی علامت ہے، پی ڈی پی

13 جولائی کے شہداء کی قربانیاں کشمیری عوام کے ابدی شعور کا حصہ ہیں جن کی یاد آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں

سرینگر (این این آئی) بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر میں پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی نے 13 جولائی 1931 کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن ظلم اور ناانصافی کے خلاف کشمیری عوام کی جدوجہد کی علامت ہے، جسے کسی بھی صورت فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ کشمیر میڈیا (بقیہ نمبر 32)

کراچی، کیسٹر واور پیٹ کے مختلف امراض میں اضافہ

کراچی (این این آئی) کراچی میں سون سون کے دوران کیسٹر واور پیٹ کے مختلف امراض میں اضافہ ہو گیا۔ حکام کے مطابق جناح ہسپتال میں پیٹ کے امراض میں مبتلا یومیہ 80 مریض آرہے ہیں اور سال ہسپتال میں کیسٹر واور کے 100 (بقیہ نمبر 31)

ڈیجیٹل سفارتکاری کے دور میں پاکستان کو نئے عالمی امکانات سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے، اسٹرو یو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے سابق سفیر برائے اقوام متحدہ جنیوا اور امریکہ، اور سابق صدر آزاد جموں و کشمیر سردار مسعود خان نے ایک خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے سابق اسٹرو یو میں پاکستان کی خارجہ پالیسی، کشمیری عوام کی جدوجہد اور عالمی سیاسی منظر نامے میں ملک کی حکمت عملی پر تفصیل سے اظہار خیال کر (بقیہ نمبر 30)

خام تیل کی پیداوار میں اضافے سے متعلق پاکستان کو بڑی کامیابی

2023 میں تیل کے بنداور کم پیداوار والے کنوؤں پر ایکسپلوریشن سمر سیل پھر سے نصب کیے گئے، رپورٹ

2012 میں ملکی تاریخ کا سب سے بڑا پروگرام تیل کی پیداوار بڑھانے کیلئے او جی ڈی سی ایل کی جانب سے پراجیکٹ پروگرام شروع کیا گیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) خام تیل کی پیداوار میں اضافے سے متعلق پاکستان کو بڑی کامیابی حاصل ہوگئی، رپورٹ کے مطابق او جی ڈی سی ایل کے راجپال آئل فیلڈ میں سالوں (بقیہ نمبر 29)

خاتم حرمین شریفین کی نیابت میں مکہ مکرمہ کے نائب گورنر کو شمل کعبہ کا شرف حاصل

ریاض (این این آئی) خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی نیابت میں مکہ مکرمہ کے نائب گورنر شہزادہ سعود بن مشعل (بقیہ نمبر 26)

مقبوضہ مغربی کنارہ، اسرائیلی فوج نے ایک اور فلسطینی قتل کر دیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی کے بیگانی خدمات کے شعبے میگن ڈیوڈ ایڈم نے اطلاع دی ہے کہ مغربی کنارے کے کمرشل (بقیہ نمبر 27)

سعودی وزیر موصلات کا ''مصنوعی ذہانت'' کے دور کی تشکیل میں مملکت کی کوششوں کا جائزہ

کمپیوٹنگ اور ڈیٹا میں ظاہر کرنے کے لیے سعودی عرب کی جانب سے اقدامات کے جارہے ہیں، گفتگو

جنیوا (این این آئی) سعودی عرب کے وزیر برائے مواصلات و اطلاعاتی ٹیکنالوجی، انجینئر عبداللہ بن عامر السواحہ نے کہا ہے کہ سعودی عرب نے ایسے کئی اہم ابتدائی منصوبوں کا آغاز کیا (بقیہ نمبر 25)

ہنڈالو جوایک فلسطینی پناہ گزین بچے کے روپ میں فلسطینیوں کی جدوجہد آزادی کی علامت بن گیا

غزہ (این این آئی) سر پر ایسے کمبڑے کمڑے سے بال اور ننگے پاؤں کے ساتھ یہ ہنڈالہ ہے جو بکس اس

یکطرفہ بھارتی اقدامات کی مکمل توجہ کا مرکز بنادیا: سردار مسعود خان

قومی مفادات پر سمجھوتہ کیے بغیر ہمیں تاریخی بصیرت کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا، خارجہ پالیسی کو سیاسی عینک سے نہیں، قومی مفاد کے تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے، ڈیجیٹل



























روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

جمعیت اہلحدیث یوتھ فورس کے سابق ضلعی سیکرٹری اطلاعات حافظ محمد سمیع نے پریس کلب شیخوپورہ کی ہفتہ روزہ درس قرآن کی نشست سے خطاب کیا



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) جمعیت اہلحدیث یوتھ فورس کے سابق ضلعی سیکرٹری اطلاعات حافظ محمد سمیع نے پریس کلب شیخوپورہ کی ہفتہ روزہ درس قرآن کی نشست سے خطاب کیا اس موقع پر صدر میجر حسن بٹ، گروپ لیڈر رانا محمد مظان، رانا محمد اکرم، جاوید معراج، سید علی معظم رضوی، حامی امجد علی، احسن علی بلوچ، فیض دلاور چانڈیو و دیگر موجود تھے۔ حافظ محمد سمیع کا نماز کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہنا تھا کہ نماز دین کا ستون ہے جس کی پابندی لازم قرار دی گئی ہے جس میں کوتاہی کی کوئی گنجائش نہیں مسلمان کے نامہ اعمال میں نماز وں کا درجہ نہایت افضل و اعلیٰ مرتبت ہے، انہوں نے کہا کہ نماز و خیرات اور شہادت سمیت کوئی ایسا عمل اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قبولیت کی سند نہیں رکھتا جس میں دکھاوے کا عنصر شامل ہو دنیاوی مقبولیت و تعریف کی خواہش اعمال کو تباہ کر دیتی ہے اور دکھاوے کی عبادات کرنے والوں کیلئے جہنم کے دروازے کھول دیئے گئے ہیں کوتاہی کے باعث صالح کا شرعی عذاب کی وعید سنائی گئی ہے اعمال صالح کا شرعی صورت ممکن ہے کہ وہ خالصتاً اللہ تعالیٰ کی رضاء و خوشنودی کی خاطر انجام دیا گیا ہو اور نیکوں کار و پرہیزگار بندوں کیلئے جنت کی بشارت دی گئی ہے جس میں بے شمار ابدی نعمتیں بندہ مومن کیلئے انعام کے طور پر عطا فرمائی جائیں گی آج ہم اگر معاشرہ کی سدت درست کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں اسلامی تعلیمات کی طرف لوٹنا ہوگا، آخر میں دعائے خیر کروائی گئی۔

پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی بورڈ کا سال 2025 کے تیسرے اجلاس کا انعقاد

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی بورڈ کا سال 2025 کے تیسرے اجلاس کا انعقاد، چیئرمین پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی، محمد طارق سبحانی نے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو جمیل جاوید، ممبر ٹیکنیکل سروسز اور تمام ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی اکرام الحق نے دس نکاتی ایجنڈا پیش کیا۔ پہلے ایجنڈے میں سال 2025 کے دوسرے اجلاس کے فیصلوں کی توثیق کی گئی۔ مالی سال 2025-26 کے سالانہ بجٹ اور ملازمین کی تنخواہوں میں 10 فیصد اضافے کی منظوری، اراضی ریکارڈ سنٹرز سے پراپرٹی سرٹیفکیٹ کے اجراء اور فیلڈ سٹاف کے لیے ہارڈ ایرا یا الاؤنس کی منظوری دی گئی۔ پلس پراجیکٹ کے تحت مشترکہ کیڈاکوں کی تعمیم، 30 سروس چارٹر کی معائنی، ارائضی معاون کو دو ماہ کی فیسوں میں رعایت، لیگل ایڈوائزر کے ریگولیشن کی تبدیلی، گورنمنٹ اداروں سے ریکارڈ کی تصدیق کے لیے فیسوں میں کمی کی منظوری دی گئی۔ علاوہ ازیں مستعد پارٹمنٹ پاکستانیوں کے لیے ہلارسوں چارجز کی یو ایس ڈالرز میں منظوری کے ساتھ طارا ایجوکیٹ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3)12 جولائی 2025ء

چھوٹا خاندان معاشرے کی ترقی کا ضامن ہے، ڈپٹی کمشنر ساہیوال

سیمینار میں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر عبدالمجید خان نیازی اور ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر راؤ شاہد رضا خاں سمیت محکمہ صحت و بہبود آبادی کے افسران اور فیلڈ سٹاف نے بڑی تعداد میں شرکت کی



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے کہا کہ معاشرے کی ترقی کیلئے ضروری ہے کہ خاندان چھوٹا رکھا جائے تاکہ بچوں کو تعلیم، صحت اور دیگر بنیادی سہولیات مہیا کی جاسکیں۔ وہ ضلع کونسل ہال میں عالمی یوم آبادی کے سلسلے میں محکمہ بہبود آبادی کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے تھے۔ سیمینار میں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر عبدالمجید خان نیازی اور ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر راؤ شاہد رضا خاں سمیت محکمہ صحت و بہبود آبادی کے افسران اور فیلڈ سٹاف نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا کہ بڑھتی ہوئی آبادی کے باعث عام شہری تک بنیادی سہولیات کی فراہمی مشکل ہوگئی ہے اس لئے ضروری ہے کہ عوام میں فیملی پلاننگ کے بارے میں شعور بیدار کیا جائے۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر عبدالمجید خان نیازی نے اپنے خطاب میں کہا کہ اگر آبادی میں اضافے کی یہی شرح برقرار رہی تو 2050 تک پاکستان کی آبادی دگنی ہو جائے گی جو کہ ملکی وسائل کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے۔ ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر راؤ شاہد رضا خاں نے کہا کہ عالمی یوم آبادی منانے کا مقصد عوام میں وسائل کے مطابق خاندان کی منصوبہ بندی کے حوالے سے شعور پیدا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی میں بے پناہ اضافہ ایک لمحہ فکریہ ہے جس پر فوری توجہ کی ضرورت ہے۔ تقریب کے اختتام پر مہمانانِ گرامی کو یادگاری شیلڈز بھی پیش کی گئیں۔ اس موقع پر آگاہی واک بھی کی گئی۔

اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کا عوام کو ریونیو سروسز کی فراہمی کے سلسلہ میں اراضی رکارڈ سینٹر کا دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کا عوام کو ریونیو سروسز کی فراہمی کے سلسلہ میں اراضی رکارڈ سینٹر کا دورہ۔ انہوں نے سینٹر میں سٹاف کی حاضری چیک کی اور انہیں عوام کو ریونیو سروسز کی بلاتعطل فراہمی کے سلسلہ میں ہدایات جاری کیں، اسسٹنٹ کمشنر رب نواز نے شکایات سیل میں ڈیوٹی پر مامور عملہ کو عوامی شکایات کا فوری ازالہ کرنے کے احکامات جاری کیے، انہوں نے حکومت پنجاب کی جانب سے وضع شدہ کارکردگی کی پیمانوں کی بھی چیکنگ کی اور سٹاف کو اس سلسلہ میں محنت اور دیانت داری سے کام کرنے کے احکامات دیے، اسسٹنٹ کمشنر رب نواز نے ریونیو سروسز بارے عوام سے فیڈ بیک بھی لیا

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا

موجودہ مون سون سیزن میں ممکنہ شدید بارشوں کے دوران ایڈمنسٹریٹرز، چیف آفیسرز، ڈسٹرکٹ مینجمنٹ گروپ کے افسران و ٹیمیں فیلڈ میں نظر آئیں گی



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر نے تحصیل زکس کے دوران مین ہولز کے کور ز ذمہ داریاں سے واپس رکھنے کا پابند بنائیں جبکہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز کو ذمہ داریاں تفویض کریں کہ وہ مین ہولز و ڈرینز کے کور (ڈھکن) موجود یا موجود نہ ہونے کی رپورٹس دیں اور فوری طور پر متعلقہ میونسپل کمیٹی کو آگاہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بھر کا کوئی مین ہول بغیر کور کے نہیں رہنا چاہیے۔ میونسپل کمیٹیز اور لوکل گورنمنٹ کے افسران بھی اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈیوٹی میں غیر سنجیدگی پر چیف آفیسر بھوآنہ کی سرزنش کی اور کہا ضلع میں کام نہ کرنے والوں کی کوئی گنجائش نہیں۔

محرم الحرام 14 کے سلسلہ میں الہ آباد بانی تنویر حسین قریشی کے گھر سے جلوس برآمد ہوا

وزیرآباد (نامہ نگار) محرم الحرام 14 کے سلسلہ میں الہ آباد بانی تنویر حسین قریشی کے گھر سے جلوس برآمد ہوا اور مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ حسینیہ ڈیرہ ڈاچی والا الہ آباد میں پہنچ کر اختتام پذیر ہوا۔ جلوس میں بانی تنویر حسین قریشی، راجہ بشارت وارث ٹرولز اینڈ ٹورز، سابق ناظم محمد خالد مغل، عتیق الرحمان، طارق حسین، حاجی عارف حسین، حاجی شبیر حسین بیٹھا، امانت علی، حاجی وارث علی، سید عابد شاہ، سائیں سلامت علی، بلال خادم، عمران بشیر پوی، علی گوھر، نوید منیر نصیر الدین علی، عون عباس و دیگر ہمراہ تھے، دریں اثناء مجالس کا اہتمام کیا گیا۔

شاہ حسین ریجنل نیٹ ورک اور صفیہ رفیق ویلفیئر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام تین روزہ فری سپیچ تھراپی کیمپ کا انعقاد

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) شاہ حسین ریجنل نیٹ ورک اور صفیہ رفیق ویلفیئر سوسائٹی کے اشتراک سے تین روزہ فری سپیچ تھراپی کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے، جس میں بچوں کے بولنے اور رک رک کر بولنے کے مسائل کا حل فراہم کیا جائے گا۔ یہ کیمپ 14، 15 اور 16 جولائی 2025 کو علی ہسپتال ننکانہ صاحب میں لگایا جائے گا۔ کیمپ میں ماہر سپیچ تھراپسٹ ارمین یاسین (سابقہ چلڈرن ہسپتال لاہور) اپنی خدمات فراہم کریں گی۔ اہلیانِ ننکانہ صاحب سے اپیل کی گئی ہے کہ جن بچوں کو ارٹزم اے ڈی ایچ ڈی تو تلا پن ڈاؤن سنڈروم فالج کے بعد بولنے کے مسائل اور قوت سماعت میں کمی کی وجہ سے نہ بولنا یا کسی اور وجہ سے بولنے میں کسی قسم کی دقت یا تاخیر کا سامنا ہے، وہ اس موقع سے فائدہ اٹھائیں اور ارمین یاسین کی ماہرانہ رہنمائی حاصل کریں۔

صنعتکاروں کے تحفظات حکومت کو سمجھنا ہونگے۔ اظہر حمید بھٹی

ظالمانہ ٹیکس پالیسی کیوجہ سے ایکسپورٹرز سمیت لاکھوں ورکرز کا روزگار خطرے میں ہے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) تاجر برادری حکومتی ظالمانہ ٹیکس پالیسی کے بعد انتہائی پریشان ہے ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت کی حامل بزنس کمیونٹی حکومتی ٹیکس پالیسیوں کیخلاف آج سراپا احتجاج ہے۔ قائد اتحاد فاؤنڈرز گروپ ریاض الدین شیخ و صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ اکرام الحق کی قیادت میں آج احتجاج کیا گیا۔ اس موقع پر سیالکوٹ کے معروف ایکسپورٹر اظہر حمید بھٹی نے سنیئر صحافیوں کیساتھ گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ سیالکوٹ چیمبر کے آفس بیئررز سمیت صنعتکاروں کے تمام ٹریڈ یونین چیمبر مین حکومت سے فلفور ظالمانہ ٹیکس واپس لینے سمیت ایف بی آر کے لا محدود اختیارات کو محدود کرنے کی ڈیمانڈ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ معاشی پالیسیوں نے کاروباری طبقے کو بڑی طرح متاثر کیا ہے اور بزنس کمیونٹی بدترین مالی دباؤ کا شکار ہو چکی ہے

فوڈ سیفٹی ٹیموں کا ملاوٹ مافیا کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری

صفائی اور سٹوریج کے انتہائی ناقص انتظامات اور حشرات کی غلاظت پر معروف چپل کباب پوائنٹ سیل کر دیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق اور ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں کا ملاوٹ مافیا کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ صفائی اور سٹوریج کے انتہائی ناقص انتظامات اور حشرات کی غلاظت پر معروف چپل کباب پوائنٹ سیل کر دیا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضا نے بتایا کہ لیکٹوسکین مشین سے دودھ کے معیار کی جانچ کے لئے متعدد ملک شاپس اور ملک کولیکشن سنٹرز پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے چھاپے مارے اور 50 لیٹر ملاوٹی دودھ تلف جبکہ 11 ہزار روپے کے جرمانے عائد کئے گئے۔ میٹ شاپس کو بغیر سٹمپ کے گوشت فروخت کرنے اور صفائی ستھرائی سے متعلق قوانین کی سنگین خلاف ورزی پر 65 ہزار روپے کے جرمانے بھی کئے گئے۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں کی جانب سے 101 انسپکشنز کی گئیں اور مجموعی طور پر قوانین کی خلاف ورزی پر ایک لاکھ 92 ہزار روپے کے جرمانے عائد کئے۔ معروف جوس پوائنٹ سے گلے سڑے پھل برآمد ہونے پر 4 کلو آم ضائع اور 10 ہزار روپے جرمانہ بھی ہوا۔ دوران معائنہ 6 کلو سے زائد غیر معیاری کھانے کی اشیاء تلف کر دی گئیں۔

پیپلز پارٹی خواتین ونگ کی سابق ضلعی صدر بیگم میمونہ مشتاق اعوان مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سابق سینئر صوبائی وزیر ملک مشتاق احمد اعوان مرحوم کی اہلیہ و پیپلز پارٹی خواتین ونگ کی سابق ضلعی صدر بیگم میمونہ مشتاق اعوان مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئی ہیں جن کی نماز جنازہ آج بعد از نماز ظہر ڈبلیو بلاک ٹی چوک ہاؤسنگ سوسائٹی فیز فور لاہور میں ادا کی جائے گی بیگم میمونہ مشتاق اعوان کے انتقال پر صدر مملکت آصف علی زرداری، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، صوبائی صدر راجہ پرویز اشرف، جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ، ضلعی سینئر نائب صدر چوہدری خالق عزیز ورک، ڈویژنل نائب صدر چوہدری منیر قمر وارہ، سٹی صدر سید ندیم عباس کاظمی و دیگر نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے بیگم میمونہ مشتاق اعوان کی پارٹی تحریک جمہوری عوامی و ملکی خدمات کا بھرپور خراج عقیدت پیش کیا ہے

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع ننکانہ صاحب میں اوپن ڈور پالیسی پر عمل درآمد جاری

پنجاب حکومت کی ہدایت پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ صبح 10 بجے سے ساڑھے 11 بجے تک تمام ضلعی افسران عوامی مسائل سن رہے ہیں: ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور چیف سیکرٹری پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع ننکانہ صاحب میں عوامی مسائل کے بروقت حل کیلئے اوپن ڈور پالیسی پر عملدرآمد جاری۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سنے اور فوری حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ڈی سی نے سیورج، ریونیو، صفائی ستھرائی و دیگر عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت کی ہدایت پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ صبح 10 بجے سے ساڑھے 11 بجے تک تمام ضلعی افسران عوامی مسائل سن رہے ہیں، عوام کے مسائل کا حل اور شکایات کا فوری ازالہ پنجاب حکومت کی پالیسی اور ضلعی انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے۔ ڈی سی نے کہا کہ خدمت خلق کے جذبہ سے سرشار عوام الناس کو ریلیف فراہم کرنے کا سلسلہ روزانہ کی بنیادوں پر جاری رہے گا، شہری اپنے مسائل کے حل کیلئے سرکاری دفاتر میں تشریف لائیں تاکہ انہیں فوری ریلیف فراہم کیا جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ سائلین کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی، اوپن ڈور پالیسی کے مطابق میرے دفتر کے دروازے عوام الناس کے مسائل کے حل کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں۔

چھوٹی فیملیز کی اہمیت کو اجاگر کرنے کی غرض سے پیپلز سوشل ویلفیئر سوسائٹی سرگودھا کے زیر انتظام آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا

پاکستان اس وقت آبادی کے لحاظ سے پانچویں نمبر پر ہے جس کی ابادی 24 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے



سرگودھا (ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) ماں اور بچے کی صحت کی حفاظت نشوونما تعلیم وتربیت اور چھوٹی فیملیز کی اہمیت کو اجاگر کرنے کی غرض سے پیپلز سوشل ویلفیئر سوسائٹی سرگودھا کے زیر انتظام آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا۔ جس کا مقصد خوشحال اور مضبوط معاشرے کی تشکیل ہے۔ اس موقع پر واک کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے صدر پیپلز سوشل ویلفیئر سوسائٹی عبدالمنان چودری کا کہنا تھا کہ آگاہی واک کا مقصد ماں کی صحت کی حفاظت بچوں کی صحیح نشوونما کی اہمیت اور تعلیم وتربیت سے آگاہی دینا ہے تاکہ چھوٹی فیملیوں کی صورت میں خوشحال مضبوط معاشرہ تیار کیا جاسکے۔ پاکستان اس وقت آبادی کے لحاظ سے پانچویں نمبر پر ہے جس کی ابادی 24 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے اور ایک اندازے کے مطابق 2044 تک یہ ابادی دوگنا ہو جائے گی جو کہ سنگین مسائل کا باعث بن سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی بیشتر ابادی تعلیم اور صحت جیسی بنیادی سہولیات سے محروم ہے بے روزگاری اور غربت میں دن بدن اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے اور کل ابادی کا 60 فیصد سے زائد نوجوانوں پر مشتمل ہے اور ابادی میں بے ہنگم اضافے کے باعث نوجوانوں کی کثیر تعداد غربت عدم مساوات بے روزگاری اور انسانی حقوق کی بڑھتی ہوئی خلاف ورزیوں کا شکار ہے۔ تمام سیاسی جماعتیں اپنے منشور میں بڑھتی ہوئی ابادی کو کنٹرول کرنے اور اس پر جامع پالیسی بنانے پر غور تو کرتی ہیں مگر وہ صرف فائلوں تک محدود ہو کر رہ جاتی ہیں ابادی کے بڑھنے سے ہر شعبہ زندگی پر اس کے اثرات ارہے ہیں غربت اور بیروزگاری میں اضافہ ہو رہا ہے سکولز میں بچوں کی تعلیم پر اثر پڑ رہا ہے صحت کا نظام پہلے ہی یہاں تباہ ہے مزید دباؤ کا شکار ہو رہا ہے اور سب سے بڑھ کر معیشت پر مزید بوجھ پڑھ رہا ہے۔

سی سی ڈی کا قیام خوش آئند ہے اس سے جرائم میں واضح کمی کے اثرات جلد ملیں گے: چوہدری علی شہزاد اسلم بھٹی

کرائم کنٹرول یونٹ جرائم کے خاتمے کا باعث بن رہا ہے بدقسمتی سے نوجوان جرائم میں ملوث ہو رہے تھے سی سی ڈی کے متحرک ہونے سے بڑے بڑے برج توبہ پر مجبور ہو رہے ہیں



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سی سی ڈی کا قیام خوش آئند ہے اس سے جرائم میں واضح کمی کے اثرات جلد ملیں گے کرائم کنٹرول یونٹ جرائم کے خاتمے کا باعث بن رہا ہے بدقسمتی سے نوجوان جرائم میں ملوث ہو رہے تھے سی سی ڈی کے متحرک ہونے سے بڑے بڑے برج توبہ پر مجبور ہو رہے ہیں ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری علی شہزاد اسلم بھٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا جرائم سے توبہ معاشرے میں امن لائے گا نوجوانوں میں کلاشنکوف کلچر اور منشیات کا عام استعمال تشویشناک تھا کرائم کنٹرول یونٹ سے جرائم میں کمی آئی ہے جو کہ خوش آئند ہے امید ہے آئندہ چند ماہ میں جرائم میں مزید واضح کمی نظر آئے گی۔

پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن کا ایف بی آر کی جانب سے نئے قانون کی شق 37AA کے خلاف احتجاج

پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن سے وابستہ کارخانہ داروں، صنعتکاروں اور ایکسپورٹرز کی شرکت 37AA کو فوری واپس لینے کا مطالبہ

وزیرآباد (نامہ نگار) پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن کا ایف بی آر کی جانب سے نئے قانون کی شق 37AA کے خلاف احتجاج پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن سے وابستہ کارخانہ داروں، صنعتکاروں اور ایکسپورٹرز کی شرکت 37AA کو فوری واپس لینے کا مطالبہ پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن کے چیئرمین جمال بھٹہ نے کہا کہ حکومت کو کاروباری افراد کے لیے مثبت اور ترقی پسندانہ قوانین بنانے چاہیے جس سے کاروبار بڑھے پھلے اور پھولے سینئر وائس چیئرمین حبیب اللہ چوہدری نے کہا کہ ہم کاروباری افراد ملک کی ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہیں فکس ٹیکس رجیم کی بحالی ہمارا مطالبہ کے اور NTR مسترد و نامنظور کرتے ہیں وائس چیئرمین الیاس خان نے کہا کہ 5.1 فیصد ایف ٹی آر کے ساتھ 25/2024 سے نافذ کریں چیئرمین پاک کٹلری کنسورشیم محمد خالد مغل نے کہا کہ کاروباری افراد چھوٹے ہوں یا بڑے ان کا معاشی قتل نہیں ہونے دیں گے اور اگر حکومت نے فکس ٹیکس رجیم کو بحال نہ کیا اور 37AA واپس نہ لیا تو اپنے کاروبار بند کر کے گوشہ نشینی اختیار کریں گے معروف ایکسپورٹر تیمور ارشد میر نے کہا کہ ایسے افراد جو ملک میں زرمبادلہ لانے کا سبب ہیں ایکسپورٹرز اور صنعتکار ان کا معاشی قتل بند ہونا چاہیے اور پالیسی ساز افراد کو کاروباری افراد کو ساتھ ملا کر پالیسیز بنانے کی ضرورت ہے انہوں نے کہا 37AA کو فوری ختم کیا جائے اور ایف ٹی آر کو ہر صورت بحال کیا جائے سابق چیئرمین پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن مہر شکیل اعظم نے کہا کہ ہم کاروباری افراد ہیں اور حکومت کو ٹیکس دیتے ہیں یہ کیسا قانون ہے کہ ایک کاروباری افراد کو محض شبہ پر اٹھالیا جائے اور اس کی تضحیک کی جائے ہم ایسے قانون کو مسترد کرتے ہیں اور حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ پاکستان کے کاروباری افراد کا معاشی قتل کرنے والے قوانین اور شقوں کو فوری ختم کیا جائے بعد ازاں کٹلری ایسوسی ایشن کے اراکین نے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سیالکوٹ کی جانب سے رکھے گئے احتجاج میں بھرپور شرکت کی اور 37AA قانون کو ختم کرنے کے لیے پاکستان بھر کے چیمبرز کے ساتھ مل کر چلنے کا عندیہ دیا سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر عہدیداران نے پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن کے وفد کا استقبال کیا۔

خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے پولیس آفیسران کو اہم لیکچر دیا

سیالکوٹ پولیس کو قانونی نکات، تفتیش کے جدید تقاضوں، شواہد بارے آگاہی دی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ملک کے نامور کریمینل لاء آفیسر خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان نے پولیس لائنز سیالکوٹ میں پولیس افیسران کو ایک نہایت اہم لیکچر دیا۔ دوران لیکچر انہوں نے مقدمات کے اہم قانونی نکات، تفتیش کے جدید تقاضوں، شواہد کے تحفظ، اور عدالت میں مقدمات کی پیروی کے حوالے سے مفصل روشنی ڈالی۔ خواجہ صاحب نے پولیس افسران کو قانون کے مطابق تفتیش، انسانی حقوق کی پاسداری، اور پیشہ ورانہ دیانت داری اور میرٹ کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ۔انہوں نے پولیس افیسران کو پیشہ ورانہ مہارت، انصاف پسندی، اور عوامی خدمت کے اصولوں پر عمل کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ اس دوران وقفہ سوالات کے دوران شرکاء پولیس آفیسرز نے قانونی نکات بارے سوالات کئے جن کے مفصل جواب دیئے گئے شرکاء نے لیکچر کو بہت سراہا اور اسے علم وفہم میں اضافے کا باعث قرار دیا۔

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے رورل ہیلتھ سنٹر (آر ایچ سی) بلکسر کا دورہ کیا

ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری، صفائی کے انتظامات اور ہیلتھ کیئر سروس ڈلیوری کا تفصیلی جائزہ لیا



چکوال (ایم ایوب سلطانی سے) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے رورل ہیلتھ سنٹر (آر ایچ سی) بلکسر کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف کی حاضری، صفائی کے انتظامات اور ہیلتھ کیئر سروس ڈلیوری کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے آر ایچ سی انتظامیہ کو احکامات جاری کئے کہ مریضوں کو معیاری علاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہیلتھ کیئر سسٹم کی کارکردگی کو جانچنے کے لئے اچانک انسپکشن جاری رہے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے آر ایچ سی میں کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور انتظامی امور کے بارے میں دریافت کیا اور مریضوں کا ریکارڈ بھی چیک کیا۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے آر ایچ سی میں جاری تعمیراتی کام کا بھی معائنہ کیا اور ہسپتال انتظامیہ کو ہدایات کی کہ جاری تعمیراتی کام معیار کے ساتھ مقررہ مدت میں مکمل کروایا جائے

گزشتہ روز ہونے والی کئی گھنٹوں کی موسلا دھار بارش سے تباہی

سکول وکالجز کی گراؤنڈز میں بڑی مقدار میں پانی جمع چند روز میں ہی مچھروں کی بہتات کیڑے مکوڑے بھی نکل آئے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) گزشتہ روز ہونے والی کئی گھنٹوں کی موسلا دھار بارش سے تباہی سکول وکالجز کی گراؤنڈز میں بڑی مقدار میں پانی جمع چند روز میں ہی مچھروں کی بہتات کیڑے مکوڑے بھی نکل آئے ایک کردیا نشیبی جگہوں پر پانی کھڑا رہنے سے دریا کا منظر پیش ہونے لگا کئی علاقوں میں تاحال پانی نہ نکل سکا پلے گراؤنڈز بھی کیچڑ زدہ ہو گئے تفصیل کے مطابق گزشتہ روز ہونے والی موسلا دھار بارش کے اثرات ابھی تک جاری ہیں شہر کے ارگرد گزرنے والی نہریں اور دریا اوور فلو ہونے کے قریب ہے کھیت دریا کا منظر پیش کر رہے ہیں کامرس کالج ڈگری کالج اور ہائی سکولز سمیت پارکس اور پلے گراؤنڈز میں پانی کھڑا ہونے سے مچھر کی افزائش ہو رہی ہے کیڑے مکوڑوں کی بھرمار نے شہریوں کیلئے مشکلات پیدا کر دی ہیں پانی کی نکاسی نہ ہونے سے مسائل پیدا ہو رہے ہیں شہریوں نے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر رید اللہ ہسپتال میں صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے متحرک



ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور کلیننگ سٹاف کے لیے زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت کارروائی کی جائے گی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر رید اللہ ہسپتال میں صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے متحرک، ہسپتال میں روزانہ کی بنیاد پر مختلف اوقات میں صفائی ستھرائی کے لیے کلیننگ سٹاف کو متحرک کر دیا گیا۔ ڈاکٹر رید اللہ نے کہا کہ ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور کلیننگ سٹاف کے لیے زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کرنا اور ہسپتال میں بہترین صفائی ستھرائی کے عمل کو یقینی بنانا اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور کلیننگ سٹاف پر زور دیا کہ وہ اپنی ڈیوٹی خدمت خلق سمجھ کر ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیچنگ ہسپتال ساہیوال کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے کلیننگ سٹاف کی حاضری اور کام کو روزانہ کی بنیاد خود چیک کر رہا ہوں۔ بعد ازاں انہوں نے پرنسپل ساہیوال میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد اختر کے ہمراہ او پی ڈی سرجیکل بلاک اور ریڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے مریضوں کے مسائل سنے اور انہیں فوری حل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے مریضوں کے رش کو کم کرنے اور انہیں انتظار سے بچانے کے لئے ایک الٹراساؤنڈ مشین او پی ڈی میں منتقل کرنے کی بھی ہدایت کی۔

سری لنکا میں نویں ساؤتھ ایشین کراٹے چیمپئن شپ کا انعقاد

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) سری لنکا میں نویں ساؤتھ ایشین کراٹے چیمپئن شپ کا انعقاد۔ چیمپئن شپ میں پاکستانی کھلاڑیوں نے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 2 گولڈ میڈل، 1 سلور اور 7 برونز میڈلز حاصل کیے۔ پاکستانی ٹیم کی طرف سے نمائندگی کرنے والے ڈسٹرکٹ ساہیوال کے حنیفہ ارشد نے انڈر 10th میں گولڈ میڈل حاصل کیا، ارشد نے 2 برونز اور حنین نے 3 برونز حاصل کیے جو کہ پاکستان اور ڈسٹرکٹ ساہیوال کے لئے ایک اعزاز ہے۔ قومی ہیروز کو ساہیوال ریلوے اسٹیشن آمد پر سپورٹس ڈیپارٹمنٹ ساہیوال کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا جس میں تمام سپورٹس سے پیار کرنے والے کھلاڑیوں نے گلدستے پیش کیے اور پھولوں کے ہار پہنائے اور ڈھول کی تھاپ پر رقص کیے۔



رائیونڈ: النور آئی کیئر سینٹر میں النور لیبارٹری کا افتتاح، دوروزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

کیمپ میں جدید طبی مشینری، ماہر اور کوالیفائیڈ ڈاکٹرز کی زیر نگرانی مکمل طبی سہولیات فراہم کی گئیں



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) رائیونڈ کے علاقے میں صحت عامہ کی سہولیات کی فراہمی کے لیے ایک اور خوش آئند قدم اٹھایا گیا ہے، جہاں النور آئی کیئر سینٹر میں النور لیبارٹری کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا ہے۔ اس موقع پر دوروزہ فری میڈیکل کیمپ کا بھی انعقاد کیا گیا جس میں رائیونڈ اور گردونواح کے علاقوں سے آئے ہوئے مستحق اور غریب مریضوں کا مفت چیک اپ کیا گیا۔ کیمپ میں جدید طبی مشینری، ماہر اور کوالیفائیڈ ڈاکٹرز کی زیر نگرانی مکمل طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔ سی ای او ڈاکٹر عمران کلیا اور ڈاکٹر میمونہ یاسین نے میڈیا کو بتایا کہ کیمپ کے دوران 200 سے زائد مریضوں کا مفت معائنہ کیا گیا جبکہ انہیں مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں۔ النور لیبارٹری کے قیام کا مقصد ان مریضوں کو معیاری طبی سہولیات دینا ہے جو مہنگے ہسپتالوں کا خرچ برداشت نہیں کر سکتے۔ لیبارٹری میں بنیادی ٹیسٹ بالکل مفت کیے جا رہے ہیں تاکہ غریبا کو بروقت اور درست تشخیص کی سہولت میسر آسکے۔ افتتاحی تقریب میں علاقائی سماجی شخصیات، ڈاکٹرز اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اس اقدام کو سراہا۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ یہ لیبارٹری اور کیمپ علاقے کے لوگوں کے لیے ایک نعمت سے کم نہیں ہے، جس کی وجہ سے صحت کی بنیادی سہولیات اب ان کے دروازے پر دستیاب ہو گئی ہیں۔ النور آئی کیئر سینٹر کا یہ اقدام صحت کے شعبے میں ایک نمایاں مثال ہے جس سے علاقے میں فلاحی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور لوگوں میں صحت کے حوالے سے آگاہی بڑھے گی۔

چیف آفیسر میونسپل کمیٹی مظفر بیگ کی زیر صدارت سیوریج مسائل سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چیف آفیسر میونسپل کمیٹی مظفر بیگ کی زیر صدارت سیوریج مسائل سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں شہر کے مختلف علاقوں میں درپیش سیوریج کے مسائل پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس کے دوران خصوصی طور پر غفورہ آباد کے سیوریج کے جاری منصوبے پر گفتگو کی گئی۔ متعلقہ افسران نے منصوبے کی رفتار، موجودہ پیش رفت اور عوامی شکایات پر بریفنگ دی۔ چیف آفیسر مظفر بیگ نے منصوبے کو جلد اور معیاری انداز میں مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ ان کا کہنا تھا کہ شہریوں کو درپیش سیوریج مسائل کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے۔

راجہ ضمیر احمد بشیر ایڈووکیٹ نے بطور صدر بار ایسوسی ایشن ذمہ داریاں سنبھال لیں

راجہ ضمیر احم

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

یوٹیوب چینلز پر پابندی کا معاملہ

اسلام آباد کی ایک عدالت نے 27 یوٹیوب چینلز پر پابندی لگانے کا حکم دیا ہے۔ ان میں سے بعض چینلز کے مالکان نے بی بی سی اردو سے بات کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ انہیں سنے اور اپنا مقدمہ پیش کرنے کا موقع دیے بغیر یہ حکم دیا گیا ہے۔ تاہم ان قانونی موشگافیوں سے قطع نظر اس معاملہ کو آزادی رائے اور اظہار کے لیے ذمہ داریوں کے حوالے سے دیکھنا ضروری ہے۔ یہ حکم ایک عدالت نے پاکستان میں نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کی درخواست پر جاری کیا ہے۔ اس لیے یہ دیکھنا بھی ضروری ہے کہ کیا حکومت ایسے سخت قوانین نافذ کر چکی ہے جن کے تحت عدالتیں کسی صحافی یا شہری کے اظہار کا حق سلب کرنے پر مجبور ہیں؟ واضح رہے اس سے پہلے ایف آئی اے کے تحت سائبر کرائم ونگ ایسی قانونی خلاف ورزیوں کی نگرانی کرتا تھا تاہم پیکا ایکٹ میں ترامیم کے بعد یہ طریقہ ختم کر کے این سی سی آئی اے کی صورت میں ایک نئی ایجنسی قائم کی گئی تھی۔ یہی ایجنسی اب سائبر کرائم سے متعلق جرائم کی تحقیقات کرتی ہے۔ ملک میں صحافی وانسانی حقوق کی تنظیمیں پیکا ایکٹ میں ترامیم کی مخالفت کرتی رہی ہیں لیکن کسی اعلیٰ عدالت نے ان ترامیم کو مسترد نہیں کیا۔ اس حوالے سے یہ واضح کرنا بھی ضروری ہے کہ 27 یوٹیوب چینلز پر پابندی کا عدالتی حکم ہی جاری ہوا ہے، حکومت کی طرف سے شاید اس حکم پر عمل درآمد کے لیے باقاعدہ کارروائی نہیں کی گئی۔ یعنی حکومتی سطح پر یوٹیوب انتظامیہ سے رابطہ کر کے ان چینلز کی نشریات کو پاکستان میں بند کرنے کی درخواست نہیں دی گئی۔ ایسی کسی حکومتی کوشش کے بعد ہی دیکھا جا سکے گا کہ کیا پاکستان میں بھی یوٹیوب کے مفادات اسے حکومت سے تعاون کرنے پر اسی طرح مجبور کرتے ہیں جیسے اسے بھارت میں حکومت کی بات مانتے ہوئے تعاون کرنا پڑا تھا۔ یا یوٹیوب کی انتظامیہ پاکستان کے حوالے سے مختلف حکمت عملی اختیار کرے گی۔ اس صورت میں بھی حکومت کے پاس ایسے تکنیکی انتظامات موجود ہوتے ہیں کہ وہ اپنے طور پر بعض چینلز کی نشریات عام لوگوں تک پہنچنے سے روک سکے۔ لیکن دوسری طرف ایسی حکومتی مداخلت ہر صورت میں کامیاب بھی نہیں ہوتی۔ پاکستانی حکومت نے ایکس کو قومی سلامتی کے لیے خطرہ قرار دیتے ہوئے ملک میں بند کیا ہوا ہے لیکن لوگ وی پی این کے ذریعے اسے استعمال کرتے ہیں۔ بلکہ حکومت کے متعدد وزرا اور اعلیٰ عہدیدار اسی پلیٹ فارم سے لوگوں تک بات پہنچاتے ہیں۔ اس لیے یوٹیوب چینلز پر پابندی کے باوجود لوگ شاید تکنیکی طور سے اس پابندی سے بچنے یا نشریات بند ہونے کے باوجود وی پی این جیسے طریقے سے انہیں دیکھنے میں کامیاب رہیں۔ ایسے صورت میں عدالتی حکم اور اس کے نتیجے میں کوئی حکومتی کارروائی مذاق بن کر رہ جائے گی۔ اس قسم کے اقدامات مخالف آوازوں کو دبانے اور آزادی رائے پر حملہ قرار پائیں گے۔ اس کے علاوہ حکومت اور ان اداروں کے خلاف فضا ہموار کرنے کی کوشش کی جائے گی، جن کی 'حفاظت' کے نقطہ نظر سے پابندی لگوائی جا رہی ہے۔ کسی نام نہاد جمہوری حکومت پر اختلاف رائے روکنے کے لیے صلاحیتیں صرف کرنے کا الزام سنگین ہوتا ہے۔ کیوں کہ جمہوریت کسی خاص رائے کو ماننے اور اس سے اختلاف کرنے کے عمل سے گزر کر ہی کامیاب ہوتی ہے۔ پاکستان میں اگرچہ منتخب حکومت کام کر رہی ہے لیکن اسے لوگوں کا اعتبار حاصل نہیں ہے۔ اس کے طریقہ انتخابات کے بارے میں اعتراضات موجود ہیں لیکن چونکہ مخالف سیاسی قوتیں کسی قانونی یا سیاسی ہتھکنڈے سے موجودہ نظام کو چیلنج کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکیں، اس لیے حکومت نے اسے اپنی طاقت سمجھتے ہوئے خود کو جواب دہی کے لیے پیش کرنے کی ضرورت بھی محسوس نہیں کی۔ بطور خاص اس کا مظاہرہ مخصوص نشستوں کے بارے میں ایک عدالتی فیصلے کو مسترد کرنے اور دوسرا موافق فیصلہ آنے کے بعد اسے فوری طور سے نافذ کرانے اور اس سے استفادہ کرنے کے عمل میں دیکھا جا سکتا ہے۔

خواب، محبت اور زندگی 45

تحریر؛ مہناز رحمان

رسم و رواج کے مطابق رشتہ مانگنے کے لئے احفاظ نے اپنے دوست حسن امام کی اہلیہ کو میرے والدین کے پاس بھیجا۔ اور اس کے بعد امی اور خالہ احفاظ کا گھر دیکھنے گئیں۔ اس ملاقات نے سب کچھ بدل دیا۔ بس یوں سمجھ لیجیے کہ یہ ملاقات قیامت ڈھا گئی۔ راجا ہندوستانی طرز کی نہیں بلکہ راجا پاکستانی طرز کی قیامت۔

احفاظ کا چھوٹا سا گھر محنت کش طبقے کے محلے میں واقع تھا۔ 1970 کی دہائی کے وسط تک بھی وہاں نکا، گیس کا چولہا اور ڈھنگ کا بیت الخلا جیسی بنیادی شہری سہولتیں موجود نہیں تھیں۔ یہ چیزیں امی اور خالہ کی نگاہوں سے پوشیدہ نہ رہ سکیں۔ یہ سب کچھ ان کے لئے ایک دھچکے سے کم نہ تھا۔ پھر خالہ نے کچھ بے ڈھنگے انداز میں مہر اور زیور کا ذکر چھیڑ دیا۔ کتنا زیور چڑھایا جائے گا، کتنا مہر لکھا جائے گا وغیرہ۔ عام حالات میں شاید ان سوالات کو معمول کے مطابق سمجھا جاتا۔ لیکن احفاظ کی موجودگی میں ان کے گھر کی خواتین سے ان سوالات کا پوچھا جانا ان پر ایٹم بم گرانے سے کم نہیں تھا۔ ''یہ محمد علی سوسائٹی نہیں ہے۔'' وہ دھاڑے۔ ''آپ کسی امیر آدمی کے گھر میں نہیں آئی ہیں۔ یہ ایک غریب آدمی کا گھر ہے۔'' بعد میں امی نے بتایا کہ وہ کس قدر بپھرے ہوئے تھے۔ ''آواز بلند، انا مجروح اور مزاج بے قابو''۔ اور اس کے ساتھ ہی خوبصورت اور پرسکون شادی کا خواب ہوا میں تحلیل ہو گیا۔

ماضی پر نظر دوڑاتے ہوئے کبھی کبھی خیال آتا ہے کہ شاید میرے والدین طبقاتی ناہمواری کے باوجود انہیں قبول کر لیتے، اگر احفاظ نے یہ جذباتی دھماکہ نہ کیا ہوتا۔ ان کے اس ردعمل نے میرے والدین کو انکار کا آسان جواز فراہم کر دیا۔ احفاظ کا غصہ اگرچہ اصولی بنیادوں پر تھا، مگر نہ وقت مناسب تھا نہ طریقہ۔ اس لئے میرے والدین نے اپنے انکار کو دولت یا حیثیت کا معاملہ بنانے کی بجائے تمیز اور ادب آداب کا مسئلہ بنا کر پیش کیا۔ یوں ایک ایسی شادی کا امکان ختم ہو گیا جو سکون سے، بغیر کسی تماشے، تکلیف یا احساس جرم کے انجام پا سکتی تھی۔ یہ ایک تکلیف دہ سبق ہے جسے باب ششم کے 'بائیں بازو کے اسباق' میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ کبھی کبھی ابلاغ یا طرز اظہار آپ کی نظریاتی اور فکری وابستگی سے زیادہ اہم ٹھہرایا جاتا ہے۔ لہجہ، انداز بیان اور وقت کی اہمیت کو نظر انداز کرنا ہمارے لئے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ جیسے کہ لیفٹسٹ مفکر مائیکل البرٹ نے ایک مرتبہ کہا تھا ''اکثر والدین کو ہماری سرگرمیوں (ایکٹوازم) سے نہیں بلکہ ہمارے اظہار کے انداز سے تکلیف پہنچتی ہے۔ ہم ایسے برتاو ؟ کرتے ہیں جیسے ہمارے والدین کی ساری زندگی، ان کی اقدار اور ان کے فیصلے ہمارے مقابلے میں کمتر ہوں۔ انہیں ہمیشہ ہمارے نظریات سے مسئلہ نہیں ہوتا بلکہ وہ حقارت انہیں ہم سے دور کر دیتی ہے جو ہمارے لہجے اور رویئے سے جھلکتی ہے۔''

وہ لمحہ جب احفاظ نے اپنے جائز غصے کا اظہار اتنے تلخ اور کھردرے انداز میں کیا، تعلقات اور رشتوں میں ایک ایسی دراڑ بن گیا جسے کبھی پر نہ کیا جا سکا۔

یہ اور بات ہے کہ تیس چالیس سال بعد اس واقعہ کا ایک مزاحیہ پہلو اس وقت سامنے آیا جب آرٹس کونسل میں 1977-78 میں صحافیوں کی تحریک کے بارے میں احفاظ کی کتاب ''سب سے بڑی جنگ'' کی تقریب رونمائی ہوئی۔ ضیا الحق کے آمریت کے سیاہ دور میں صحافیوں نے مزدوروں، کسانوں اور طلبا کے ساتھ مل کر یہ تحریک چلائی تھی۔ (اس کا تفصیلی ذکر باب ہشتم میں ہوگا)۔ خاور نعیم ہاشمی کو اس تقریب میں مہمان خصوصی کے طور پر مدعو کیا گیا تھا۔

پھر خان نے کسی کی نہ سنی!

تحریر؛ انصار عباسی

عمران خان کی پارٹی کہتی ہے کہ مذاکرات وقت کی ضرورت ہیں۔ شاہ محمود قریشی اور ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت قید میں بند پانچ سینئر پارٹی رہنماو ؟ں نے ابھی چند پہلے ہی ایک کھلا خط لکھا اور کہا کہ موجودہ کرائسس سے ملک کو نکالنے کیلئے مذاکرات ہی واحد رستہ ہیں۔

لیکن خان صاحب نے پھر کسی کی نہ سنی اور کہہ دیا کہ مذاکرات کا وقت گزر چکا اور اب صرف اور صرف احتجاج ہی ہوگا جس کا اُنہوں نے اعلان بھی کر دیا۔ تحریک انصاف کا یہ وہ المیہ ہے جسکی وجہ سے پارٹی کے اکثر رہنما پریشان ہیں لیکن عمران خان کے سامنے بولنے کی کوئی جرات نہیں کر سکتا۔ فیصلوں کیلئے مشاورت بہت ضروری ہے لیکن اب تو تحریک انصاف میں مشاورت کی کوئی حیثیت ہی نہیں رہی۔ ایسے حالات میں احتجاج کیسا ہوگا کسی کو شبہ نہیں ہونا چاہیے۔

اگر پارٹی کے وائس چیئر مین شاہ محمود قریشی سمیت اور کئی رہنماو ؟ں کے مطابق ڈائیلاگ واحد رستہ ہیں تو عمران خان نے سوشل میڈیا پر اپنے گزشتہ روز کے بیان میں کہا کہ ''مذاکرات کا وقت ختم ہو چکا'' اور اب ''صرف سڑکوں پر فیصلہ کن جدوجہد ہو گی۔'' یہ پہلا موقع نہیں کہ پی ٹی آئی کی قیادت دو مختلف بیانیوں کے ساتھ سامنے آئی ہو۔ پارٹی کے اندر موجود بہت سے رہنما، چاہے وہ جیل میں ہوں یا باہر، اس حقیقت کو بخوبی سمجھتے ہیں کہ سیاست میں ضد اور انا سے کچھ حاصل نہیں ہوتا اور یہ کہ احتجاج کر کے بھی دیکھ لیا کچھ حاصل نہیں ہوا۔

اب تو ویسے بھی تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے علاوہ کسی دوسرے صوبہ میں لوگوں کو احتجاج کیلئے باہر نکالنے کی حالت میں ہے ہی نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی جانب سے بار بار مذاکرات کی راہ اپنانے کی بات کی گئی۔ یہ سوال اپنی جگہ اہم ہے کہ گزشتہ دو سال میں، جیلوں میں وقت گزارنے، احتجاجی کالز اور اسٹیبلشمنٹ پر الزامات کی سیاست سے پارٹی کو کیا حاصل ہوا؟ کیا ان احتجاجوں سے پارٹی کو وہ سیاسی سپیس ملی جو اُس کا حق ہے؟ یا احتجاج اور اسٹیبلشمنٹ سے لڑائی کی سیاست سے تحریک انصاف موجودہ نظام میں کمزور سے کمزور ہوتی جا رہی ہے؟؟ تحریک انصاف کی عوامی مقبولیت اپنی جگہ، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہر قدم سڑکوں پر ہی اٹھایا جائے۔ جمہوریت میں پارلیمان، مذاکرات اور مفاہمت بھی اتنی ہی اہمیت رکھتے ہیں جتنی کہ عوامی تحریک۔ خان صاحب جیل میں ہونے کی وجہ سے بہت سی حقیقتوں کو نہیں جانتے۔ پارٹی قیادت یہ بھی سمجھتی ہے کہ اُن سے جیل میں ملاقات کرنے والے اُنہیں غلط مشورہ دیتے ہیں اور درست معلومات نہیں دیتے۔ خان صاحب کو اپنے رہنماو ؟ں پر اعتبار کرنا چاہیے۔ پارٹی کے رہنماو ؟ں کی رائے محض رسمی نہیں، بلکہ وہ زمینی حقائق اور سیاسی شعور کی نمائندگی کرتی ہے۔ ان رہنماو ؟ں نے خود جیلیں کاٹی ہیں، مقدمات کا سامنا کیا ہے، اور وہ یہ بخوبی جانتے ہیں کہ سسٹم کے ساتھ مکمل محاذ آرائی کی پالیسی کہاں لے جاتی ہے۔ شاہ محمود قریشی اور دوسروں کی اپیل نہ صرف ایک مفاہمانہ قدم تھا بلکہ یہ ظاہر کرتی ہے کہ پارٹی کے اندر بھی ایسے افراد موجود ہیں جو حقیقت پسندانہ سیاست کو ترجیح دیتے ہیں۔ عمران خان اگر چاہتے ہیں کہ اُن کی اپنی اور پارٹی کی مصیبتیں کم ہوں تو اُن کو اپنے قریبی ساتھیوں کی بات سُننی چاہیے۔ قیادت صرف نعرے لگانے یا سخت بیانات دینے کا نام نہیں، بلکہ اپنی ٹیم کو ساتھ لے کر چلنے، اختلافِ رائے کو برداشت کرنے اور لچک دکھانے کا نام بھی ہے۔ 5 اگست سے شروع ہونے والی احتجاجی تحریک کی کامیابی یا ناکامی سے قطع نظر، یہ سوال اپنی جگہ برقرار رہے گا کہ اگر ایسی تحریکیں دو تین سال سے مطلوبہ نتائج نہیں دے سکیں تو اب کیا مختلف ہوگا؟

یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے؟

تحریر؛ یاسر پیرزادہ

عجیب گھن چکر ہے۔ ملک میں موسلا دھار بارشیں ہو رہی ہیں، مون سون اپنے عروج پر ہے، شمالی علاقوں میں سیلاب آیا ہوا ہے مگر اِس سب کے باوجود پاکستان میں پانی کی قلت ہے۔ جی جی، معلوم ہے کہ ہم پانی ذخیرہ نہیں کرتے، لاکھوں کیوسک فٹ پانی بحیرہ عرب میں پھینک کر ضائع کر دیتے ہیں، ہمارا نہری نظام پرانا ہو چکا ہے، زراعت میں جدّت لانے کی ضرورت ہے، زیرِ زمین پانی کی سطح روز بروز نیچے جا رہی ہے، یہ تمام باتیں اپنی جگہ درست ہوں گی مگر یہ حقیقت پھر بھی ہضم نہیں ہو پا رہی کہ دنیا میں پانی کی قلت کے شکار ممالک میں پاکستان کا تیسرا نمبر کیسے ہے! یہ ایسا ہی گھن چکر ہے کہ زمین اپنے محور پر بھی گھوم رہی ہے اور سورج کے گرد بھی چکر لگا رہی ہے مگر ہمیں احساس نہیں ہو پاتا۔ سائنس دان سے پوچھو تو وہ بتاتا ہے کہ دراصل زمین کی گردش یکساں رفتار سے ہے اِس لیے ہمیں پتا نہیں چلتا۔ اوکے، مان لیا، مگر پھر ہمیں ہوائی جہاز میں اُڑ کر سفر کرنے کی کیا ضرورت ہے، کسی فضائی غبارے میں بیٹھ کر انتظار کیوں نہیں کرتے کہ جب زمین گھومے گی تو لاس اینجلس میں اتر جائیں گے۔ اِس کا جواب یہ ملتا ہے کہ نہیں، دراصل زمین کے ساتھ اُس کی فضا بھی اسی رفتار سے گھوم رہی ہے اِس لیے جہاز بھی زمین کے ساتھ ہی گھومنا شروع کر دیتا ہے۔ غالب نے اسی موقع کے لیے کہا تھا کہ یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے۔ اور سائنس دان ہمیں یہ بھی بتاتے ہیں کہ کائنات ابھی نا تمام ہے، روز بروز یہ پھیل رہی ہے، اِس کا مطلب یہ ہوا کہ ہماری، زمین، سورج، چاند، ستارے، سیارے، اِن میں سے کچھ اجسام ساکت ہیں تو کچھ گھوم رہے ہیں مگر کائنات پوری پھیل رہی ہے۔ بندہ پوچھے کہ یہ کیسے ممکن ہے؟ اِس کا جواب ملتا ہے

کہ دراصل وہ پھیلاو؟ کہکشاو ؟ں کے درمیان ہوتا ہے اِس لیے زیادہ 'فیل' نہیں ہوتا، اور کہکشائیں چونکہ لاکھوں نوری سال کے فاصلے پر ہیں اور پھیلاو؟ کی رفتار کافی کم ہے اِس لیے ہم تک کائنات کی کوئی 'حرکت' نہیں پہنچتی۔ کوئی ایک معمہ ہو تو بات بھی ہے، ہمیں تو آج تک 'پائی' کا معمہ بھی سمجھ میں نہیں آیا جو غالباً ساتویں جماعت میں پڑھایا گیا تھا کہ دائرے کے محیط کو اگر اُس کے قطر پر تقسیم کریں تو جو حاصل ہوگا اُسے پائی کہیں گے لیکن مصیبت یہ ہے کہ جو حاصل ہوتا ہے وہ ختم نہیں ہوتا، دنیا کا کوئی کمپیوٹر آج تک اِس پائی کا حساب نہیں رکھ سکا تو ہم کس کھیت کی مولی ہیں۔ کسی ریاضی دان سے پوچھیں گے تو وہ بتائے گا کہ کیسے اِس نمبر میں دنیا جہان کے پاس ورڈ اور بینک اکاو؟نٹ نمبر پوشیدہ ہیں اور کسی کاہن سے پوچھیں گے تو وہ دعویٰ کرے گا کہ یہ پُراسرار ہندسہ دراصل ترتیبِ الٰہی کو ظاہر کرتا ہے۔ 'زندگی کیا ہے عناصر میں ظہور ترتیب، موت کیا ہے انہیں اجزا کا پریشاں ہونا'

یہ جتنے معمے میں نے بیان کیے ہیں دراصل اِن میں سے کوئی بھی معمہ نہیں۔ مجھ ایسا بندہ اِس لیے الجھ جاتا ہے کیونکہ وہ آبی امور کا ماہر ہے اِس لیے ہم تک کائنات کی کوئی 'حرکت' نہیں پہنچتی۔ کوئی ایک معمہ ہو تو بات بھی ہے، ہمیں تو آج تک 'پائی' کا معمہ بھی سمجھ میں نہیں آیا جو غالباً ساتویں جماعت میں پڑھایا گیا تھا کہ دائرے کے محیط کو اگر اُس کے قطر پر تقسیم کریں تو جو حاصل ہوگا اُسے پائی کہیں گے لیکن مصیبت یہ ہے کہ جو حاصل ہوتا ہے وہ ختم نہیں ہوتا، دنیا کا کوئی کمپیوٹر آج تک اِس پائی کا حساب نہیں رکھ سکا تو ہم کس کھیت کی مولی ہیں۔ کسی ریاضی دان سے پوچھیں گے تو وہ بتائے گا کہ کیسے اِس نمبر میں دنیا جہان کے پاس ورڈ اور بینک اکاو؟نٹ نمبر پوشیدہ ہیں اور کسی کاہن سے پوچھیں گے تو وہ دعویٰ کرے گا کہ یہ پُراسرار ہندسہ دراصل ترتیبِ الٰہی کو ظاہر کرتا ہے۔ 'زندگی کیا ہے عناصر میں ظہور ترتیب، موت کیا ہے انہیں اجزا کا پریشاں ہونا'

یہ جتنے معمے میں نے بیان کیے ہیں دراصل اِن میں سے کوئی بھی معمہ نہیں۔ مجھ ایسا بندہ اِس لیے الجھ جاتا ہے کیونکہ وہ آبی امور کا ماہر نہیں جو پانی کو ذخیرہ کرنے پر عالمانہ رائے دے سکے۔

وہ ماہر طبیعات نہیں جو کائنات کے پھیلاو؟ اور اجسام کی باہمی کشش کا تعلق سمجھا سکے اور وہ کوئی ریاضی دان نہیں جو یہ بتا سکے کہ پائی میں کیسا کیسا راز پوشیدہ ہے۔ لیکن اپنی کم مائیگی کا اظہار کرنے کی بجائے اکثر لوگ اس بات پر اصرار کرتے ہیں کہ وہ ہر فن مولیٰ ہیں اور ہر معاملے پر ایک حتمی رائے رکھتے ہیں۔ ہم میں سے ہر شخص ماہر معاشی امور، خارجہ پالیسی کا تجزیہ کار اور شہری منصوبہ بندی کا ایکسپرٹ بنا بیٹھا ہے۔ ٹی وی چینلز کے ٹاک شوز سے لے کر سوشل میڈیا کی ٹائم لائنز اور چائے کے ڈھابوں سے لے کر اشرافیہ کے ڈرائنگ روم تک، ہر کوئی ملکی مسائل کا سادہ اور فوری حل پیش کرتا نظر آتا ہے۔ ملک جب دیوالیہ ہونے کے قریب تھا تو کچھ سیانے کہتے تھے کہ ڈیفالٹ ہونے دو سب قرضے خود بخود ختم ہو جائیں گے۔ کرپشن اور بدانتظامی ختم کرنے کا فارمولا بھی اسی قسم کے صاحبان کے پاس ہوتا ہے جو کبھی ہٹلر کو آئیڈیل حکمران بتاتے ہیں اور کبھی سرعام پھانسیوں کو مسئلے کا حل بتا کر یوں مطمئن ہو جاتے ہیں جیسے یہ طے ہو کہ وہ خود پھانسی دینے والوں میں سے ہوں گے، لگنے والوں میں سے نہیں۔

ایک تجویز اکثر یہ بھی سننے میں آتی ہے کہ تمام سیاست دانوں کو دریا بُرد کر دو ملک از خود سوئٹزرلینڈ بن جائے گا۔ یہ تمام تجاویز اتنی ہی سادہ اور گمراہ کُن ہیں جتنی یہ سوچ کہ فضائی غبارے میں بیٹھ کر زمین گھومنے کا انتظار کیا جائے تاکہ منزل خود قدموں کے نیچے آ جائے۔ انگریزی میں کہتے ہیں یہ تمام تجاویز اتنی ہی سادہ اور گمراہ کُن ہیں جتنی یہ سوچ کہ فضائی غبارے میں بیٹھ کر زمین گھومنے کا انتظار کیا جائے تاکہ منزل خود قدموں کے نیچے آ جائے۔

اصل المیہ یہیں سے جنم لیتا ہے۔ جب کسی بھی مسئلے کی پیچیدگی کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا جائے تو پھر ماہرین کی رائے بے وقعت ہو جاتی ہے۔ آبی امور کا ماہر جب یہ بتاتا ہے کہ صرف ایک ڈیم نہیں بلکہ ملک بھر میں چھوٹے بڑے ڈیموں کا جال، نہری نظام کی مکمل بحالی، زراعت کے لیے ڈرپ اریگیشن جیسی جدید ٹیکنالوجی کا فروغ اور پانی کے استعمال کے حوالے سے عوامی شعور بیدار کرنے کی مربوط پالیسی کی ضرورت ہے، تو اُس کی بات "ہر فن مولیٰ" دانشوروں کے شور میں دب جاتی ہے۔

کیوں؟ کیونکہ یہ حل پیچیدہ ہے، وقت طلب ہے اور اس میں فوری سیاسی فائدہ نظر نہیں آتا۔ ہم اُس ریاضی دان کی طرح ہیں جو "پائی" کے نہ ختم ہونے والے ہندسوں میں کائنات کے راز تلاش کر رہا ہے، جبکہ قوم کو ایسے شعبدہ بازوں کی تلاش ہے جو دو اور دو پانچ کر کے دکھا دیں۔

تو پھر اصل "گھن چکر" کیا ہے؟ موسلا دھار بارشوں کے باوجود پانی کی قلت؟ نہیں۔ اصل گھن چکر جہالت اور تکبر کا وہ اتحاد ہے جو پاپولزم کو جنم دیتا ہے جس کے بعد کسی بھی مسئلے کی تہہ تک پہنچنا قریباً ناممکن ہو جاتا ہے۔

ہم مسائل کو حل کرنے کی بجائے اُن کی سادہ تشریحات پر ایمان لے آتے ہیں اور پھر اُن غیر حقیقی تشریحات کی بنیاد پر حل تجویز کرتے ہیں جو کبھی کام نہیں کرتے۔ موت کے بعد اجزا کا پریشاں ہونا تو سمجھ آتا ہے مگر ہم نے زندگی میں ہی اپنے اجتماعی شعور کے اجزا کو پریشان کر رکھا ہے۔

بھارت کی ہٹ دھرمی

تحریر؛ وسعت اللہ خان

یوکرین اور فلسطین پونے تین برس سے عالمی ذرائع ابلاغ کے ریڈار پر یقیناً میرٹ کی بنیاد پر چھائے ہوئے ہیں۔ مگر اس کے نتیجے میں دیگر المیوں کو نہ ہونے کے برابر کوریج مل رہی ہے جن میں لاکھوں انسان زندگی اور موت کے درمیان جھولتی لٹکنی سے لٹک رہے ہیں۔ مثلاً سوڈان میں اپریل دو ہزار تیئس سے جاری خانہ جنگی میں لاکھوں لوگوں کی بے گھری، ہزاروں ہلاکتیں اور اجتماعی ریپ بطور ہتھیار عالمی میڈیا کی فرنٹ لائن خبر ہی نہیں۔ ان المیوں کے بیچ پچھلی ایک دہائی سے بالخصوص اگر دنیا میں کوئی اقلیت لاوارث ترین کہی جا سکتی ہے تو وہ میانمار کے روہنگیا ہیں۔ اکثر نے سرحد پار بنگلہ دیش میں پناہ لے رکھی ہے۔ مگر اقوامِ متحدہ کے ادارے برائے پناہ گزینان (یو این ایچ سی آر) اور دیگر فلاحی و انسانی حقوق تنظیموں کی سرتوڑ کوششوں کے باوجود روہنگیوں کی حالت سال بہ سال بدتر ہوتی جا رہی ہے۔

بنگلہ دیش نے کچھ عرصے تو میانمار کی سرحد سے متصل چٹاگانگ اور کاکس بازار کے سرحدی علاقے میں قائم کیمپوں میں ان کی میزبانی کی۔ مگر سابق حسینہ واجد حکومت نے اپنے اقتدار کے آخری دور میں ان کیمپوں میں رہنے والوں کو خلیج بنگال کے دوردراز غیر آباد جزیروں میں منتقل کرنے کی کارروائی کی اور ہزاروں پناہ گزینوں کو جبراً ایسے ماحول میں دھکیل دیا گیا جہاں زندہ رہنے سے بہتر مرنا طے پایا۔

اور پھر حسبِ توقع اس جہنم سے فرار ہو کر نامعلوم منزلوں کی طرف سفر کرنے والے روہنگیوں کی کشتیاں ڈوبنے کی خبریں آنے لگیں۔ گزشتہ مئی کی اٹھائیس تاریخ کو پناہ گزینوں کے ادارے یو این ایچ سی آر نے تصدیق کی کہ نو اور دس مئی کو دو کشتیوں میں سوار چار سو ستائیس روہنگیا مرد، عورتیں، بچے خلیج بنگال میں میانمار کے ساحل کے قریب ڈوب گئے۔ صرف ستاسی زندہ بچے۔ کسی ایک حادثے میں اتنے روہنگیوں کی ہلاکت پہلے کبھی نہیں سنی گئی۔ ابھی یہ تصدیق ہونی ہے کہ ان کشتیوں میں میانمار سے فرار ہونے والے تارکِ وطن تھے یا بنگلہ دیش کے پناہ گزین کیمپوں سے فرار ہونے والے روہنگیا تھے۔

دو ہزار سترہ میں میانمار کی فوج اور دائیں بازو کے متشدد بودھ گروہوں کے مظالم سے بچنے کے لیے سرحدی صوبے رخائن سے دس لاکھ سے زائد روہنگیا نے جبری نقلِ مکانی کی۔ اس برس اپریل میں میانمار حکومت نے ان میں سے ایک لاکھ اسی ہزار پناہ گزینوں کو اپنا قانونی شہری تسلیم کر لیا۔ چنانچہ بنگلہ دیشی حکومت نے انھیں ملک چھوڑنے کا حکم دیا۔ تاہم ان میں سے کوئی بھی واپس جانے کو تیار نہیں۔ ان کا سب کچھ پہلے ہی چھن چکا ہے اور واپسی کی صورت میں بھی وہ خوف کی اسی مسلسل کیفیت میں زندگی کاٹیں گے جس سے ڈر کے آٹھ برس پہلے بھاگے تھے۔ بقول ایک روہنگیا کارکن ہم میانمار کے بجائے کسی بھی جہنم میں خوشی خوشی رہنے کو تیار ہیں۔ ان میں سے بہت سے اب ڈیپورٹیشن کے ڈر سے بنگلہ دیش سے



بھی بھاگ رہے ہیں۔ کچھ خوش قسمت سمندر کی لہروں پر ہچکولے کھاتے کھاتے تھائی لینڈ، ملیشیا اور انڈونیشیا تک پہنچ جاتے ہیں اور بہت سے راستے میں ڈوب جاتے ہیں۔

دو ہزار اٹھارہ میں اسلامی کانفرنس تنظیم کے مغربی افریقی رکن گیمبیا نے پیش کش کی کہ وہ روہنگیا پناہ گزینوں کو اپنانے کے لیے تیار ہے بشرطیکہ متمول ممالک منتقلی کے اخراجات برداشت کر سکیں۔ ایک بھی مسلمان ملک گیمبیا کی مدد کو نہیں آیا۔ (کاش گیمبیا کے صدر کا نام ٹرمپ ہوتا تو اس کی جیبیں اتنی بھر دی جاتیں کہ پھٹ جاتیں)۔ حالیہ برسوں میں کئی ہزار روہنگیا بھارت بھی آن پہنچے۔ ان میں سے اکثر کو آسام اور جموں کے پناہ گزیں کیمپوں میں رکھا گیا۔ یہ سب یو این ایچ سی آر سے رجسٹرڈ ہیں اور ان کی دیکھ بھال کے اخراجات بھی عالمی تنظیمیں اٹھاتی ہے

حالیہ برسوں میں کئی ہزار روہنگیا بھارت بھی آن پہنچے۔ ان میں سے اکثر کو آسام اور جموں کے پناہ گزیں کیمپوں میں رکھا گیا۔ یہ سب یو این ایچ سی آر سے رجسٹرڈ ہیں اور ان کی دیکھ بھال کے اخراجات بھی عالمی تنظیمیں اٹھاتی ہے مگر ان کی اکثریت کو شکایت ہے کہ حکومت چونکہ ہمیں بن بلائے مہمان سمجھتی ہے لہٰذا بھارتی میڈیا اکثر ان کے مسلمان ہونے کے ناتے دھشت گرد ہونے کا تاثر پھیلاتا رہتا ہے۔ پولیس رقم اینٹھنے کے لیے جھوٹے مقدمات بناتی رہتی ہے اور گرفتاریاں بھی کرتی ہے۔ مقصد یہی ہے کہ کسی طرح روہنگیا یہاں سے کہیں بھی چلے جائیں۔ پولیس رقم اینٹھنے کے لیے جھوٹے مقدمات بنانی رہتی ہے اور گرفتاریاں بھی کرتی ہے۔ مقصد یہی ہے کہ کسی طرح روہنگیا یہاں سے کہیں بھی چلے جائیں۔

اس پس منظر میں ڈیڑھ ماہ قبل بھارت سے ایسی خبر آئی جس نے یو این ایچ سی آر سمیت انسانی حقوق کی سرکردہ تنظیموں کو جھنجھوڑ ڈالا۔ ہوا یوں کہ چھ مئی کو رات گئے دہلی پولیس نے لگ بھگ ایک سو روہنگیا پناہ گزینوں کو تین علاقوں سے اٹھایا اور یہ بتا کر تھانے لے گئے کہ ہم آپ کو فنگر پرنٹس لے کر چھوڑ دیں گے۔ ان میں عورتیں، بوڑھے، بچے، بیمار سب ہی شامل تھے اور سب کے سب اقوامِ متحدہ کے ادارہ برائے پناہ گزیناں میں رجسٹرڈ تھے۔ اگلے چوبیس گھنٹے ان سب کو بلا وارنٹ مختلف تھانوں میں رکھا گیا اور کسی مجسٹریٹ کے سامنے پیش نہیں کیا گیا۔ پھر انھیں ایک نظر بندی مرکز میں یکجا کیا گیا۔ ان میں سے اڑتیس کی آنکھوں پر پٹی باندھ کے اور ہتھکڑیاں اور بیڑیاں لگا کے بذریعہ طیارہ جزائر انڈمان کے دارالحکومت پورٹ بلیئر پہنچایا گیا۔

پھر انھیں بحریہ کے ایک جہاز پر منتقل کیا گیا۔ مارا پیٹا گیا اور میانمار کی بحری حدود میں لائف جیکٹس دے کر سمندر میں اتار دیا گیا۔ ان سے کہا گیا کہ ہم آپ کو انڈونیشیا کی سمندری حدود میں چھوڑ رہے ہیں۔ کچھ لوگ بارہ گھنٹے سمندر میں رہنے کے بعد بھی ساحل تک زندہ پہنچ گئے اور باقیوں کی قسمت نامعلوم ہے۔

دہلی میں دو وکلا نے سپریم کورٹ میں ان روہنگیوں کے اغوا کی درخواست دی ہے اور حکومتِ بھارت کو فریق بنایا۔

درخواست میں کہا گیا کہ پناہ گزینوں کو خاموشی سے سمندر میں دھکیلنے کا صاف صاف مطلب یہ ہے کہ ملک بدری کے بین الاقوامی قواعد و ضوابط پوری طرح پامال کیے گئے۔ اقوامِ متحدہ کے متعلقہ اہلکار واردات کی چھان پھٹک کر کے اپنی رپورٹ مرتب کر رہے ہیں۔

اب تک تو ہم یہ سنتے آئے تھے کہ انسانی اسمگلرز بیچ سمندر میں انسانوں کو پھینک دیتے ہیں مگر یہ پہلا موقع ہے جب کسی ریاست نے اس طرح کا جرم کیا ہو۔

حقائق سامنے آ بھی گئے تو کیا فرق پڑے گا؟ پھر انھیں بحریہ کے ایک جہاز پر منتقل کیا گیا۔ مارا پیٹا گیا اور میانمار کی بحری حدود میں لائف جیکٹس دے کر سمندر میں اتار دیا گیا۔ ان سے کہا گیا کہ ہم آپ کو انڈونیشیا کی سمندری حدود میں چھوڑ ر

انٹرنیشنل



لندن میں ہائی کورٹ کے باہر فلسطینیوں کے حامی گروپ 'فلسطین ایکشن' کے حامی پولیس کے درمیان جھڑپ کا منظر



غزہ: ایک عمومی منظر اسرائیلی فضائی حملے سے ہونے والی تباہی کو ظاہر کرتا ہے، جب کہ رہائشی اور رضا کار بے گھر افراد کے کیمپ کی جگہ پر امدادی اور بچاؤ کی کوششوں میں مصروف ہیں۔

غزہ جانے والا امدادی بحری جہاز دوبارہ روانہ ہوگا

غزہ (این این آئی) فریڈم فلوٹیلا کولیشن نے کہا ہے کہ وہ شدید غذائی قلت کا شکار فلسطینیوں کو امداد فراہم کرنے کے لیے دوبارہ غزہ کی طرف روانہ ہونے والا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گروپ کا یہ بیان بین الاقوامی پانیوں میں اس کے ایک جہاز پر اسرائیلی افواج کے قبضے کے چند ہفتوں بعد سامنے آیا ہے۔ گروپ نے تصدیق کی ہے کہ اس کا 'ہنڈالا' نامی اگلا بحری جہاز 13 جولائی کو اطالوی بندرگاہ سیراکوسا سے روانہ ہوگا جو غزہ کی محصور پٹی پر اسرائیل کی ناکہ بندی توڑنے کی ایک نئی کوشش کا حصہ ہے۔

جرمنی مہینوں میں جوہری ہتھیار بنا سکتا ہے، رافائل گروسی

آئی اے ای اے کے سربراہ کا انتباہ، یورپ کے لیے عدم پھیلاؤ معاہدے پر عمل ضروری قرار

اگر دنیا میں ہر ملک کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت دی گئی، تو یہ انسانیت کو تباہی کی طرف لے جائے گا

برلن (این این آئی) بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل رافیل گروسی نے کہا ہے کہ جرمنی کے پاس ایسے تمام وسائل اور تکنیکی صلاحیت موجود ہے کہ وہ چند مہینوں میں جوہری ہتھیار تیار کر سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انٹرویو میں گروسی نے کہا کہ جرمنی کو جوہری ہتھیار بنانے کے لیے زیادہ وقت درکار نہیں ہوگا۔ وہ یہ کام مہینوں میں کر سکتا ہے۔ انہوں نے مزید وضاحت کی کہ جرمنی کے پاس ضروری جوہری مواد اور مطلوبہ ٹیکنالوجی موجود ہے اور اسے یہ سب کچھ کرنا آتا ہے۔ اگرچہ گروسی نے اس امکان کو فرضی قیاس آرائی قرار دیا، تاہم انہوں نے اسے سنجیدگی سے لینے پر زور دیا۔ رافیل گروسی نے کہا کہ جوہری ہتھیاروں کے عدم پھیلاؤ سے متعلق عالمی معاہدے پر عمل درآمد یورپی ممالک کے اپنے مفاد میں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بین الاقوامی تعلقات میں کوئی بھی ملک، بالخصوص طاقتور ریاستیں، قربانی یا ایثار کے اصول پر نہیں بلکہ اپنے مفاد کی بنیاد پر فیصلے کرتی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ یورپی ممالک اس نتیجے پر پہنچ چکے ہیں کہ اگر دنیا میں ہر ملک کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت دی گئی، تو یہ انسانیت کو تباہی کی طرف لے جائے گا۔

حوثیوں کا کارگو بحری جہاز پر حملہ، 4 افراد ہلاک، 15 لاپتہ

بحری جہاز ایٹرنٹی سی پر بیلسٹک اور کروز میزائل داغے گئے، چھ افراد کو بچا لیا گیا

صنعا: (ویب ڈیسک) یمن کے حوثی باغیوں کی جانب سے بحر احمر میں کیے گئے ایک اور مہلک حملے میں لائبیریا کے پرچم بردار کارگو جہاز ایٹرنٹی سی کو نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں جہاز ڈوب گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اس حملے میں کم از کم چار افراد ہلاک ہو گئے اور 15 افراد تا حال لاپتا ہیں، یورپی یونین کی بحری فورس کے مطابق 6 عملے کے افراد کو بحفاظت نکال لیا گیا ہے۔ حملہ پائلٹ کشتی اور میزائلوں کے ذریعے کیا گیا، جس کی ذمہ داری حوثی گروپ نے قبول کی ہے۔ گروپ کے ترجمان یحییٰ سریع نے دعویٰ کیا کہ یہ کارروائی فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کے طور پر کی گئی تاکہ اسرائیل پر دباؤ بڑھایا جا سکے کہ وہ غزہ پر حملے بند کرے، جہاز اسرائیل کی جانب جا رہا تھا۔ حوثیوں کی جانب سے جاری کردہ ویڈیو میں حملے کے مناظر، دھماکوں کی آوازیں اور عملے کو نکالنے کے اعلانات شامل ہیں، گروپ کا کہنا ہے کہ انہوں نے کچھ افراد کو طبی امداد فراہم کر کے محفوظ مقام پر منتقل کیا۔ دوسری جانب امریکی مشن برائے یمن نے حوثیوں پر بچ جانے والے کئی عملے کے افراد کو اغوا کرنے کا الزام عائد کیا ہے اور ان کی فوری، غیر مشروط رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ برطانوی بحریہ کے زیر انتظام یو کے ایم ٹی او اور سیکیورٹی فرم ایمبری کے مطابق جہاز کو شدید نقصان پہنچا اور وہ یمن کے شہر الحدیدہ کے ساحل کے قریب ڈوب گیا، جو حوثیوں کے زیر کنٹرول علاقہ ہے۔ بحری جہاز ایٹرنٹی سی پر بیلسٹک اور کروز میزائل داغے گئے، چھ افراد کو بچا لیا گیا

غزہ میں فلسطینیوں کو نشانہ بنانے کے فیصلے اب مشینیں کرنے لگیں

اسرائیل کے ڈیٹا بیس میں کئی لاکھ فلسطینی شہریوں کی پروفائلز، تصاویر، ویڈیوز اور کال ریکارڈ شامل ہے، رپورٹ

غزہ (این این آئی) غزہ میں فلسطینی کو نشانہ بنانے کے فیصلے اب مشینیں کرنے لگیں۔ فلسطینیوں کے قتل عام سے متعلق اماراتی اخبار کی تحقیقاتی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اسرائیل کی آرٹیفیشل انٹیلی جنس کی جنگی مشین فلسطینیوں کو نشانہ بنا رہی ہے اور انسانی مداخلت نہایت محدود رہ گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اسرائیل نے سالوں کا ڈیٹا، کالز، پیغامات اور سوشل میڈیا پوسٹس ایک مشین لرننگ سسٹم میں ڈال دیا ہے، اسرائیلی فوج کئی جدید آرٹیفیشل انٹیلی جنس سسٹمز چلا رہی ہے، فلسطینیوں کی سرگرمیوں کا ڈیٹا جمع کرنے کے بعد انہیں مشکوک اسکور دے کر نشانہ بنانے کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ اماراتی اخبار کا کہنا تھا کہ لیونڈر آرٹیفیشل انٹیلی جنس سسٹم فلسطینیوں کا ڈیٹا جمع کرتا ہے اور پھر تجزیہ کر کے اسکور طے کرتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق فلسطینیوں کیفون، سوشل میڈیا، انٹرنیٹ سرگرمیاں، ویڈیوز اور چہروں کی شناخت کی جاتی ہے۔ اسرائیل کا گوسپل سسٹم زیرزمین اہداف تلاش کرتا ہے اور سرنگیں شناخت کر کیا زخود حملہ کرتا ہے جبکہ ویئر از ڈیڈی ایک ٹارگٹڈ سسٹم ہے جو اس وقت حملہ کرتا ہے جب مطلوب شخص کسی مخصوص مقام پر ہو۔ رپورٹ کے مطابق اسرائیل کے ڈیٹا بیس میں کئی لاکھ فلسطینی شہریوں کی پروفائلز، تصاویر، ویڈیوز اور کال ریکارڈ شامل ہے۔ اسرائیلی فوج کی جنگی مشینیں متعدد بار صرف ایک ہدف کو نشانہ بنانے کے لیے پوری عمارت کو نشانہ بنا دیتی ہیں جس سے بچے اور عورتیں بلاوجہ نشانہ بن جاتے ہیں۔

حماس کو ختم کرنے کے ہدف پر قائم ہیں، اسرائیلی وزیراعظم

قیدیوں کی رہائی کیلیے یہ کوشش ہمیں بھاری قیمت چکانے پر مجبور کر رہی ہے، بیان

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے وائٹ ہاس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کے بعد تصدیق کی ہے کہ ان کا اجلاس غزہ میں قیدیوں کی رہائی کی کوششوں پر مرکوز تھا اور انھوں نے حماس کی عسکری و انتظامی صلاحیتوں کو ختم کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نیتن یاہو نے ایک ریکارڈ شدہ بیان میں کہا ہم ایک لمحے کے لیے بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے، اور یہ (قیدیوں کی رہائی) فوجی دباؤ کے باعث ممکن ہے۔ انھوں نے مزید کہا بدقسمتی سے یہ کوشش ہمیں بھاری قیمت چکانے پر مجبور کر رہی ہے، ہمارے بہترین بیٹے قربان ہو رہے ہیں، لیکن ہم اپنے تمام اہداف حاصل کرنے کے لیے پرعزم ہیں: تمام قیدیوں کو خواہ زندہ ہوں یا مردہ، رہا کرانا، حماس کی عسکری و انتظامی صلاحیتوں کو تباہ کرنا، اور یہ یقینی بنانا کہ غزہ اسرائیل کے لیے کوئی خطرہ نہ بنے۔ نیتن یاہو نے یہ بھی کہا کہ انھوں نے اور ٹرمپ نے ایران پر حاصل کردہ بڑی فتح کے اثرات اور اس سے پیدا ہونے والے امکانات پر بھی گفتگو کی۔ قیدیوں کی رہائی کیلیے یہ کوشش ہمیں بھاری قیمت چکانے پر مجبور کر رہی ہے، بیان



فراہم کی گئی اس ہینڈ آؤٹ تصویر میں ان کی امدادی ٹیموں کے ارکان کو تہران میں اسرائیلی حملے کے نتیجے میں تباہ ہونے والی عمارت کا ملبہ صاف کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے

اردن، الاخوان سے منسلک اداروں کے خلاف قانونی کریک ڈاؤن

عمان (این این آئی) اردن میں متعلقہ سرکاری اداروں نے کالعدم جماعت اخوان المسلمین سے منسلک مالیاتی فرنٹ سمجھی جانے والی انجمنوں اور کمپنیوں کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔ یہ بات اردنی خبر رساں ایجنسی نے ایک باخبر ذریعے کے حوالے سے بتائی۔ وزارت سماجی ترقی ایک ایسی کاروباری انجمن کی سرگرمیوں پر بھی نظر رکھے ہوئے ہے جس کی قیادت ایک سابق رکن پارلیمنٹ کر رہا ہے، اور اس کے منتظمین کالعدم جماعت سے تعلق رکھتے ہیں۔ وزارت نے عمان کے ایک علاقے میں پانچ افراد کی نشان دہی کی ہے جو غیر قانونی طور پر چندہ جمع کر رہے تھے۔



غزہ: اسرائیلی فضائی حملے میں تفتناح محلے میں ایک رہائش گاہ پر ہلاک ہونے والے تین فلسطینیوں کو شجاعیہ سے سائیکل پر لے جا رہے ہیں





پشاور: ریجنل اسپورٹس آفس پشاور کے تعاون سے کبڈی میچ میں کھلاڑی اپنی طاقت اور مہارت کا مظاہرہ کر رہے ہیں

ٹاپ سیڈ ڈجینک سنر اور نووک جوکووچ کی فتوحات کا سلسلہ برقرار

لندن (این این آئی) اٹلی کے نامور ٹینس سٹار اور میگا ایونٹ کے ٹاپ سیڈ ڈجینک سنر اور سربیا کے شہرت یافتہ ٹینس سٹار اور مجموعی طور پر 24 ویں گرینڈ سلام ٹائٹلز کے فاتح نووک جوکووچ ومبلڈن اوپن ٹینس میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے۔ 23 سالہ اطالوی ٹینس سٹار نے میچز سنگلز کے کوارٹر فائنل میچ میں امریکا کے حریف کھلاڑی بینجمن ٹوڈ شیلٹن کو شکست دے کر سیمی فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا جبکہ 24 گرینڈ سلام ٹائٹل جیتنے والے سربین سٹار نووک جوکووچ نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل میچ میں اٹلی کے حریف کھلاڑی فلاویو کوبولی کو مات دے کر ٹاپ فور راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔

پشاور: ٹیک بال چمپئن شپ کے فاتح کھلاڑیوں میں مہمان خصوصی انعامات تقسیم کر رہے ہیں

چیلسی کلب کے ہاتھ میں تاریخ رقم کرنے کا موقع، جیت کی صورت میں اربوں کا انعام!

اگر چیلسی کلب فائنل جیت جاتا ہے تو کھرب پتی بن جائے گا؟ کلب ورلڈ کپ کی انعامی رقم ہوش اڑا دے گی!

پیرس (این این آئی) 2025 فیفا کلب ورلڈ کپ کے سفر میں چیلسی فٹبال کلب نے نہ صرف میدان میں شاندار کارکردگی دکھائی بلکہ اپنی خزانے کی تجوریاں بھی بھر لیں۔ فلومی نینسے کے خلاف فتح حاصل کر کے چیلسی نے فائنل میں جگہ بنالی ہے، جہاں ان کا مقابلہ پیرس سینٹ جرمین سے ہوگا۔ برازیلی ٹیم کے خلاف جواؤ پیڈرو کی شاندار کارکردگی نے چیلسی کو فیصلہ کن سٹیج تک پہنچا دیا، اور کوچ اینزو ماریسکا کیلیے یہ کامیابیاں ٹیم کی تعمیر نو کے سفر میں ایک اور سنگ میل ثابت ہو رہی ہیں۔ اگرچہ کلب ورلڈ کپ تک رسائی کا سفر آسان نہیں تھا، لیکن چیلسی کلب نے عالمی سطح پر مختلف ٹیموں کے خلاف اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ اب اگر چیلسی کی ٹیم فائنل جیت لیتی ہے تو یہ نہ صرف میدان میں بلکہ مالی اعتبار سے بھی ایک بڑی کامیابی ہوگی۔ چیلسی کے مالی معاملات پہلے ہی مستحکم ہیں، لیکن کلب ورلڈ کپ کے سفر نے ان کے اکاؤنٹس میں مزید خطیر رقم شامل کر دی ہے۔ سیمی فائنل سے پہلے ہی چیلسی نے کلب ورلڈ کپ سے 104.6 ملین ڈالر (76.9 ملین پاؤنڈ) یعنی تقریباً 29 ارب 16 کروڑ روپے کما لیے تھے۔ فلومی نینسے کو شکست دینے کے بعد چیلسی کی دولت میں مزید 30 ملین ڈالر (22.1 ملین پاؤنڈ) یعنی 8 ارب 36 کروڑ روپے کا اضافہ ہوا، جس کے بعد چیلسی نے اب تک اس ٹورنامنٹ سے کل 134.6 ملین ڈالر (99 ملین پاؤنڈ) یعنی 37 ارب 52 کروڑ روپے سے زائد کما لیے ہیں۔ یہ کلب ورلڈ کپ میں کسی بھی دوسری ٹیم کے مقابلے میں سب سے زیادہ رقم ہے، اور فائنل جیتنے کی صورت میں چیلسی اپنی اس کمائی میں مزید اضافہ کریں گے۔

بیلجیئم کے سائیکلسٹ ریمکو ایونپول نے ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس کا پانچواں مرحلہ جیت لیا

25 سالہ ریمکو ایونپول نے عمدہ سائیکلنگ کرتے ہوئے 33 کلومیٹر کا فاصلہ 36 منٹ اور 42 سیکنڈز میں طے کر کے اول رہے

پیرس (این این آئی) بیلجیئم کے سائیکل سوار ریمکو ایونپول نے ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس کا پانچواں مرحلہ جیت لیا۔ فرانس کے شمالی حصے کے ایک شہر للی سے ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس کے 112 ویں ایڈیشن کا آغاز ہو چکا ہے۔ جس میں دنیا بھر کی سائیکلنگ کی 23 ٹیموں کے نامور سائیکل سوار ٹائٹل کے حصول کے لئے کوشاں ہیں۔ ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس کے پانچویں مرحلے میں سائیکل سواروں نے فرانس میں کین سے کین تک کا 33 کلومیٹر فاصلہ طے کرنا تھا جو کہ انفرادی ٹائم ٹرائلز راؤنڈ تھا۔ 25 سالہ بیلجیئم کے سائیکل سوار ریمکو ایونپول نے عمدہ سائیکلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 33 کلومیٹر کا فاصلہ 36 منٹ اور 42 سیکنڈز میں طے کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ سلووینیا کے سائیکل سوار اور ایونٹ کے دفاعی چیمپئن ٹنڈیج پوگا آر نے پانچویں راؤنڈ میں دوسری پوزیشن حاصل کی جبکہ اٹلی کے سائیکلسٹ ایڈورڈو الیفینی نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ سلووینیا کے سائیکل سوار اور ایونٹ کے دفاعی چیمپئن ٹنڈیج پوگا آر نے نیدرلینڈز کے سائیکل سوار میتھیو وین ڈیر پول جنہوں نے ریس کا دوسرا مرحلہ جیتنے کے ساتھ بیلجیئم کے سائیکلسٹ جیسپر فلپسن سے یلو جرسی بھی چھین لی تھی سے یلو جرسی حاصل کر لی ہے۔ ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس 21 مرحلوں پر محیط ہوگی جس میں سائیکل سوار 3338.8 کلومیٹر کا سفر طے کریں گے۔ ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس میں 232 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے ایکشن میں ہیں۔ ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس 24 روز جاری رہنے کے بعد 27 جولائی کو اختتام پذیر ہوگی۔ ٹور ڈی فرانس سائیکل ریس میں ٹیم بوایے ای ایمرٹس ایکس ا ؟ر جی کے 26 سالہ سلوسینیا کے سائیکلسٹ تنڈیج پوگا آر اپنے اعزاز کا دفاع کے

آئیگا سوئیٹک اور بیلنڈا ابینسک ومبلڈن اوپن ٹینس ویمنز سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئیں

روس کی ٹینس کھلاڑی میرا اینڈریوا اور روس کی ہی ٹینس کھلاڑی لیوڈمیلا سمسونوا سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میں ہار گئیں

لندن (این این آئی) پولینڈ کی ٹینس سٹار، پانچ گرینڈ سلام ٹائٹلز کی فاتح اور میگا ایونٹ کی ایٹھتھ سیڈ آئیگا سوئیٹک اور سوئٹزرلینڈ کی ٹینس سٹار بیلنڈا بینسک اپنی عمدہ کارکردگی کی بدولت ومبلڈن اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں ویمنز سنگلز مقابلوں کے سیمی فائنل میں پہنچ گئیں جبکہ روس کی ٹینس کھلاڑی میرا اینڈریوا اور روس کی ہی ٹینس کھلاڑی لیوڈمیلا سمسونوا خواتین کے سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میں ہار کر میگا ایونٹ سے باہر ہو گئیں۔ سال کے تیسرے گرینڈ سلام ومبلڈن اوپن ٹینس کے دلچسپ مقابلے آل انگلینڈ لان ٹینس اور کروکٹ کلب کے گراس کورٹ پر شروع ہو چکے ہیں، جس میں شائقین ٹینس کو کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ خواتین کے سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں پولینڈ کی ٹینس سٹار آئیگا سوئیٹک نے انتہائی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حریف روسی ٹینس کھلاڑی لیوڈمیلا سمسونوا کو سٹریٹ سیٹس میں 2-6 اور 5-7 سے شکست دے کر سیمی فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔ ایک اور میچ میں 28 سالہ سوئٹزرلینڈ کی ٹینس سٹار بیلنڈا ابینسک نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے حریف روس کی ٹینس کھلاڑی میرا اینڈریوا کو ٹائی بریک پر 6-7 (3-7) اور 6-7 (2-7) سے شکست دے کر سیمی فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔

پیرس سینٹ جرمین کی ٹیم فیفا عالمی کلب فٹ بال ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچ گئی

ہسپانوی کلب فٹ بال ٹیم ریال میڈرڈ سیمی فائنل میں ہار کر میگا ایونٹ سے باہر ہوگئی

واشنگٹن (این این آئی) فرانس کی کلب فٹ بال ٹیم پیرس سینٹ جرمین فیفا عالمی کلب فٹ بال ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچ گئی جبکہ ہسپانوی کلب فٹ بال ٹیم ریال میڈرڈ آمنے سامنے تھیں جس میں پیرس سینٹ جرمین کی ٹیم نے انتہائی شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے ریال میڈرڈ کی ٹیم کو بالکل بے بس کرتے ہوئے یکطرفہ مقابلے کے بعد 0-4 گول سے ہرا کر فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ پیرس سینٹ جرمین کی جانب سے فیبیان روئز نے دو گول بالترتیب 6 اور 24 ویں منٹ میں سکور کیے جبکہ عثمانی ڈیمبیلے اور گونکالو راموس نے ایک، ایک گول کر کے اپنی ٹیم کو فائنل میں پہنچا دیا۔ واضح رہے کہ چیلسی اور پیرس سینٹ جرمین کی ٹیموں کے درمیان فیفا عالمی کلب فٹ بال ٹورنامنٹ کا فائنل میچ 13 جولائی کو کھیلا جائے گا۔ فائنل میچ امریکا میں میٹ لائف سٹیڈیم، ایسٹ رودر فورڈ کے مقام پر کھیلا جائے گا۔ ایونٹ کے دوسرے سیمی فائنل میچ میں فرانس کی کلب فٹ بال ٹیم پیرس سینٹ جرمین اور سپین کی فٹ بال کلب کی ٹیم ریال میڈرڈ آمنے سامنے تھیں جس میں پیرس سینٹ جرمین کی ٹیم نے انتہائی شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے ریال میڈرڈ کی ٹیم کو بالکل بے بس کرتے ہوئے یکطرفہ مقابلے کے بعد 0-4 گول سے ہرا کر فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ پیرس سینٹ جرمین کی جانب سے فیبیان روئز نے دو گول بالترتیب 6 اور 24 ویں منٹ میں سکور کیے جبکہ عثمانی ڈیمبیلے اور گونکالو راموس نے ایک، ایک گول کر کے اپنی ٹیم کو فائنل میں پہنچا دیا۔ واضح رہے کہ چیلسی اور پیرس سینٹ جرمین کی ٹیموں کے درمیان فیفا عالمی کلب فٹ بال ٹورنامنٹ کا فائنل میچ 13 جولائی کو کھیلا جائے گا۔ فائنل میچ امریکا میں میٹ لائف سٹیڈیم، ایسٹ رودر فورڈ، نیو جرسی کے مقام پر کھیلے گئے میگا

انڈر 18 ایشیا کپ میں پاکستان ناقابل شکست، سیمی فائنل میں رسائی

بیجنگ (این این آئی) انڈر 18 ایشیا کپ میں پاکستان کے مستقبل کے ستاروں نے اپنی دھاک بٹھا دی اور مسلسل چوتھی فتح حاصل کر کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی۔ چین میں کھیلے جا رہے انڈر 18 ایشیا کپ میں پاکستانی کھلاڑیوں نے سبز ہلالی پرچم سربلند کر دیا اور پول میں ناقابل شکست رہتے ہوئے مسلسل چار فتوحات کے ساتھ سیمی فائنل میں رسائی حاصل کر لی ہے۔ آخری پول میچ میں گرین شرٹس نے میزبان چین کو ایک کے مقابلے میں دو گول سے ہرا دیا اور فائنل فور میں جگہ بنا لی۔ پاکستان ٹیم 11 جولائی کو سیمی فائنل میں ملائیشیا کا مقابلہ کرے گی جب کہ دوسرا سیمی فائنل جاپان اور بنگلہ دیش کے درمیان ہوگا۔



لاہور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے کنٹیکٹ باڈی سنٹر میں سمر سپورٹس باکسنگ کیمپ میں کوچ بچوں کو تربیت دے رہے ہیں



نارتھ بروک، اسکاٹ لینڈ: ریاستہائے متحدہ کی اسکوٹی شیفلر میں جینیئس اسکاٹش اوپن 2025 سے قبل ایک شاٹ کھیل رہی ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ایکسپورٹرز وٹریڈرز کیلئے بجٹ 100 فیصد متنازعہ ہے: صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس

صنعتی شعبہ کی تباہی نہیں ہونے دینگے، تاجر دشمن پالیسیوں کو واپس لے۔ اکرام الحق



صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ اکرم الحق کی قیادت میں سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی تمام ٹریڈ باڈیز چیئرمینز عہدیداران سابقہ وموجودہ عہدیداران بزنس کمیونٹی سمیت ممبران نے نماز جمعہ کے بعد حکومتی ظالمانہ ٹیکس پالیسیوں کیخلاف زبردست احتجاج کرتے ہوئے ریلی کا انعقاد کیا جس میں حکومت کے صنعتی و کاروباری شعبہ کو لگائے گئے ٹیکسز وایف بی آر کے مقدمات درج کرنے کے اختیارات پر شدید نعرے بازی کی۔ بزنس کمیونٹی کے نیشنل قائد و اتحاد فاؤنڈرز گروپ لیڈ ریاض الدین شیخ و آفس بیئررز سمیت صنعتکاروں کے تمام ٹریڈ یونین چیمبر مینوں نے حکومت سے فلفور ظالمانہ ٹیکس واپس لینے سمیت ایف بی آر کے لا محدود اختیارات کو محدود کرنے کی ڈیمانڈ کی۔ ہزاروں کی تعداد میں سیالکوٹ بزنس کمیونٹی نے احتجاج میں شرکت کی۔ بعدازاں سیالکوٹ بزنس کمیونٹی، مرکزی انجمن تاجران نمائندگان، سیالکوٹ ویمن چیمبر آف کامرس، ٹریڈ ایسوسی ایشنز سمیت تاجروں سے خطاب کرتے ہوئے صدر سیالکوٹ چیمبر اکرام الحق نے کہا کہ یہ بجٹ سوفیصد متنازع ہے عام شہری کے لئے بھی ،ایکسپورٹر، سرمایہ کار کے لئے بھی جبکہ ہم یقین کر بیٹھے تھے کہ اب نیا دور آئے گا اور پاکستان بہتری کی طرف جائے گا لیکن حکومت نے سجی دھجا کر کبھی مار دی بتایا کچھ ہے کیا کچھ ہے تسلیاں کچھ دی جبکہ نفاذ کسی اور چیز کا کر دیا، بجٹ کے ایک دن پہلے تک وزیر خزانہ نے ہر چیز بتا دی۔ کیا ہی بات اس ملک کی انکی ٹیم اور انکے اقدامات کی سارے اکنامک اعشاریہ بہتر ہیں، دنیا ہمیں شاباش دے رہی ہے ہم جلد دوبارہ ایشین ٹائیگر بن جائینگے جب کہ بجٹ تقریر کی تو سارا کچھ الٹ کر دیا کہ بہت خرابی ہے میں نے آپ سے اتنا ٹیکس لینا ہے۔ اکرام الحق نے کہ یہ امپورٹڈ لوگ پیراشوٹ کے ذریعے آئیں ہیں اور پھر واپس چلے جائیں گے جب کہ ہم نے یہی رہنا ہے، ایک ہی سال میں ہمیں 31 سال کے طریقہ کار کو تبدیل کر کے ایف بی آر کے آگے ڈال دیا گیا۔ بزنس کمیونٹی قومی رہنما ریاض الدین شیخ نے کہا کہ ہم حکومت کے ساتھ ہر قسم کا تعاون کرنے کو تیار ہیں ٹیکس زیادہ دینے کو تیار ہیں، پاکستان کی ایکسپورٹ بڑھانے کے لئے تیار ہیں، روزگار دینے اور بزنس کو بڑھانے میں تیار ہے مگر ہمارے ساتھ تعاون نہیں کیا جارہا بلکہ 37 اے وغیرہ کے کالے قانون کے تحت ایف بی آر کے عملے کو اختیارات دیئے گئے ہیں کہ وہ بزنس کمیونٹی کیخلاف مقدمات کروا کے گرفتار کر سکتے ہیں صدر سیالکوٹ چیمبر اکرام الحق نے کہا کہ ٹیکس دھونس سے لے رہے ہیں یہ کونسا پاکستان ہے میں نے وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف کو دوران ملاقات بتایا کہ بیورو کریسی نہیں چاہتی کہ پاکستان معاشی استحکام حاصل کرے اس لئے انہوں اڑان پاکستان کے خواب کو عملی شکل ملنے سے ہی ختم کر دیا ہے۔ خام مال کو امپورٹ کرنے کیلئے بھی بزنس مین کو مسائل سے دوچار کر دیا گیا ہے جس کی وجہ سے کمرشل امپورٹرز خام مال امپورٹ کر کے مہنگے داموں فروخت کرے گا جس سے لیدر، سپورٹس، کرکٹ، ہاکی، سرجیکل انسٹرومنٹس، ہوزری، ٹیکسٹائل سمیت دیگر منصوعات کی پیداواری لاگت میں اضافہ ہوگا۔ اس موقع پر چیئرمین سپورٹس مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن خواجہ مسعود اختر ہلال امتیاز پاکستان، چیئرمین ایئر سیال فصل جیلانی، میاں محمد خلیل، وقاص اکرم اعوان، وزیر آباد کٹلری ایسوسی ایشن چیئرمین، صدر مرکزی انجمن تاجران سیالکوٹ مہر غلام مجتبیٰ سمیت دیگر چیئرمین ٹریڈ ایسوسی ایشنز نے خطاب کرتے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ بجٹ میں لگائے ظالمانہ ٹیکس پالیسی و کالے قانون کو واپس لیں اور فنانس منٹر کو صنعتکاروں کیساتھ سابقہ پالیسی پر فلفور ریٹھک کیلئے کہیں وگرنہ ہم پر امن احتجاج کا دائرہ کار بڑھانے پر مجبور ہونگے پہلے تو ایکسپورٹ کرینگے پھر سڑکوں پر احتجاج ہوگا۔





ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال سٹی میں طبی سہولیات کا جائزہ

مریضوں کی عیادت کی، مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی، صفائی ستھرائی اور ادویات کے سٹاک کا بھی جائزہ لیا



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال سٹی میں طبی سہولیات کا جائزہ، انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں مریضوں کی عیادت کی، مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی، صفائی ستھرائی اور ادویات کے سٹاک کا بھی جائزہ لیا، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں بہتری کے لیے موثر میکانزم کے ذریعے مانیٹرنگ کا عمل بھی جاری ہے جس کے تحت ہسپتالوں میں صفائی ستھرائی، علاج معالجہ اور طبی سہولیات کی فراہمی کی چیکنگ کی جارہی ہے تاکہ سرکاری ہسپتالوں میں پبلک سروس ڈیلیوری کے عمل کو بہتر بنایا جاسکے، انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف سمیت دیگر عملہ حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز کے مطابق عوام الناس کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے محنت اور لگن سے کام کریں اور ہسپتال میں مریضوں کی دیکھ بھال کا عمل تسلسل سے جاری رکھا جائے۔

کوٹ رادھا کشن وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کا ستھرا پنجاب پروگرام کے نام پر LWMC کے تھیکیدار YB کمپنی عوام کو لولی پوپ دینے لگے

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر محمد رمضان سے) کوٹ رادھا کشن وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کا ستھرا پنجاب پروگرام کے نام پر LWMC کے تھیکیدار YB کمپنی عوام کو لولی پوپ دینے لگے۔ تفصیلات کے مطابق LWMC کے YB کمپنی کے سی او زین گیلانی اور اسسٹنٹ مینیجر مبشر کی ملی بھگت سے تحصیل کوٹ رادھا کشن میں دو عرب سے زائد فنڈ وصول ہونے کے باوجود شہر اور یونین کونسل میں صفائی کے ناقص انتظامات۔ ورکرز اور سپروائزر کو پوری تنخواہیں بھی نا مل سکی۔ زرائع کے مطابق YB کمپنی اپنی کرپشن چھپانے کے لیے ورکرز کو کبھی ماہ سے نقدی تنخواہیں دینے لگے اور شہر و یونین کونسلز میں بوگس اور سپروائزر کے نام پر سینیٹری ورکرز کی بھرتیا جاری۔ یونین کونسلز میں فنڈز ملنے کے باوجود کسی بھی قسم کا صفائی کا کام نا ہو سکا جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر موجود۔ ذرائع کے مطابق YB کمپنی اپنی کرپشن چھپانے کے لئے چند سپروائزر کو کمپنی کی اصلیت معلوم ہونے پر نکالنے لگی اور اپنی مرضی کے سپروائزر کو بھرتی کرنے پر مجبور۔

یوم عاشورہ کا مرکزی جلوس تعزیہ لائسنسدار سید دلاور حسین مرحوم امام بارگاہ گلشن زہرا جسڑ سے برآمد ہوا



شکر گڑھ (عمران عارف سے) سالانہ قدیمی 10 محرم یوم عاشورہ کا مرکزی جلوس تعزیہ لائسنسدار سید دلاور حسین مرحوم امام بارگاہ گلشن زہرا جسڑ سے برآمد ہوا۔ جس میں عزاداروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ جلوس کے دوران جگہ جگہ لنگر اور سبیلوں کا انتظام کیا گیا۔ جلوس اپنے راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ گلشن زہرا میں اس اختتام پزیر ہوا۔ جلوس کے اختتام پر سید منیر حسین شیرازی صدر مجلس وحدت مسلمین نارووال نے تمام انتظامی اداروں دی پی او نارووال ڈی سی صاحب ڈی ایس پی اور ایس ایچ او کا بھترین سیکورٹی انتظامات پر شکریہ ادا کیا اور ملکی سلامتی کے لیے دعا بھی کروائی گئی

ریلوے ٹریکر انتظامیہ نے نارووال نارنگ لاہور سیکشن پر چلنے والی گاڑیوں کے ٹریکرز بند کر دیے

وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کے ریلوے کو ڈیجیٹل کرنے کے احکامات کو ہوا میں اڑا دیا گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ریلوے ٹریکر انتظامیہ نے نارووال نارنگ لاہور سیکشن پر چلنے والی گاڑیوں کے ٹریکرز بند کر دیے وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کے ریلوے کو ڈیجیٹل کرنے کے احکامات کو ہوا میں اڑا دیا گیا لاثانی اور فیض احمد فیض ایکسپریس سمیت اس سیکشن پر چلنے والی ٹرینوں کی براہ راست لوکیشن بند ہونے سے مسافروں کو شدید پریشانی کا سامنا ناصرف وقت کا ضیاع ہو رہا ہے بلکہ اکثر اوقات ٹرین چھوٹ جاتی ہے ٹریکر انتظامیہ کا موقف ہے کہ انجن پرانے ہونے کی وجہ سے ٹریکر موجود نہیں ہیں جبکہ مسافروں کا کہنا ہے کہ جب یہی انجن پنڈی یا کسی دوسرے سیکشن پر جاتے ہیں تو ان پر ٹریکر موجود ہوتا ہے صرف نارووال نارنگ لاہور سیکشن پر سفر کرنے والے مسافروں کے ساتھ ناروا سلوک کیا جارہا ہے مسافروں نے وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

شہر میں تعمیر پرانی خستہ حال عمارتوں کے منہدم ہونے کے خدشات بڑھ گئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میں تعمیر پرانی خستہ حال عمارتوں کے منہدم ہونے کے خدشات بڑھ گئے عالیہ مون سون بارشوں می خطرناک، عمارتوں میں مقیم رہائش پزیر بوسیدہ عمارتوں کے زمین بوس ہونے کے خطرات موجود متعلقہ محکموں کے زمہ داران پرانی عمارتوں کو خالی کروانے کیلئے کوئی ٹھوس اقدامات کرتے دکھائی نہیں دیتے جس پر شہریوں میں گہری تشویش پائی جاری ہے شہریوں کے مطابق مغلیہ دور کے بعد سکھ دور میں بھی جہلم شہر اور ملحقہ آبادیوں کے مختلف مقامات جن میں باغ محلہ، کین محلہ شمالی محلہ میدان پاکستان کالا گجران سنگھوئی چوہالہ کے مقام پر میکنوں کے لیے ایسی عمارتیں تعمیر کی گئیں جو آج بھی خستہ حالت میں موجود ہیں جنہیں گزرتے وقت کے ساتھ ساتھ مختلف وجوہات کی بناء پر خالی کروانے کام مطالبہ کیا ہے۔

میڈیکل کا شعبہ خدمت خلق کا شعبہ ہے: جنرل فزیشن اینڈ سرجن ڈاکٹر محمد حسنین رفیع

دکھی انسانیت کی خدمت کرنا میرا مشن ہے الشفاء میڈیکل سنٹر مریضوں کے علاج معالجہ کے لیے چوبیس گھنٹے کھلا رہتا ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) سی ای او الشفاء میڈیکل سنٹر جنرل فزیشن اینڈ سرجن ڈاکٹر محمد حسنین رفیع نے کہا کہ میڈیکل کا شعبہ خدمت خلق کا شعبہ ہے دکھی انسانیت کی خدمت کرنا میرا مشن ہے الشفاء میڈیکل سنٹر مریضوں کے علاج معالجہ کے لیے چوبیس گھنٹے کھلا رہتا ہے جہاں پر ایمرجنسی مریضوں کے علاج کی سہولت بھی میسر ہے خدمت خلق کے لیے ٹوبہ روڈ پر اڈا حسن شاہ کے قریب الشفاء میڈیکل سنٹر میں 13 جولائی بروز اتوار کو ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا جارہا ہے جس میں ماہر امراض سپشلسٹ گائنا کالوجسٹ ڈاکٹر ثمرا قبال ناطق، میڈیکل سپشلسٹ ڈاکٹر اعجاز تبسم، جنرل فزیشن اینڈ سرجن ڈاکٹر محمد اویس علی، ایل ایچ وی مس سونیا سیال اور ریٹائرڈ ایل ایچ وی مس سعدیہ نواز سیال مریضوں کا فری چیک اپ کریں گے کیمپ میں فری ادویات کے علاوہ فری الٹراساؤنڈ اور یرقان کے ٹیسٹ بھی فری کیے جائیں گے

مطعال اظہر چوہدری ایڈووکیٹ کو سیالکوٹ بار میں ویلکم کرتے ہیں۔ ملک شہباز احمد

سیالکوٹ بار و کلاء گروپس نے ایم اظہر لاء چیمبر میں کیک کاٹ کر خوش آمدید کہا



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چوہدری ایم اظہر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ، ایس ایڈ اے کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان ایڈووکیٹ سپریم کورٹ، سابق سیکرٹری جنرل ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ راحت امین وینس، سعد میر بگو، فیصل تیمور، اور حارث میر بگو دیگر معزز وکلاء نے مطعال اظہر چوہدری ایڈووکیٹ کو سیالکوٹ بار میں پریکٹس شروع کرنے پر انکا زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں خوش آمدید کہا۔ ایم اظہر لاء چیمبرز ڈسٹرکٹ کورٹس سیالکوٹ میں سادہ مگر پروقار تقریب کے دوران کیک کاٹ کر معزز وکلاء بار کیجانب سے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔ واضع رہے کہ مطعال اظہر چوہدری معروف قانون دان چوہدری ایم اظہر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کے فرزند ارجمند ہیں۔

اسسٹنٹ کمشنر نے رب نواز کا پرائیویٹ کمپنی کے کنٹریکٹر اور سپروائزر کے ہمراہ صفائی ستھرائی بارے مختلف مقامات کا دورہ

شہر میں صفائی ستھرائی اور عوام کو مسائل سے بچانے کے لیے نشیبی علاقوں سے بارشی پانی کا انخلا ضروری ہے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر نے رب نواز کا پرائیویٹ کمپنی کے کنٹریکٹر اور سپروائزر کے ہمراہ صفائی ستھرائی بارے مختلف مقامات کا دورہ، انہوں نے تحصیل روڈ، محبوب عالم چوک، کچہری روڈ، سبزی منڈی بائی پاس، بے نظیر روڈ، ریلوے لائنز سمیت دیگر نشیبی علاقوں میں بارشی پانی کے فوری اخلاء کے سلسلہ میں صفائی ستھرائی کے امور کی چیکنگ کی، اسسٹنٹ کمشنر رب نواز نے 2/53 ایل میں بوسیدہ سیوریج لائن کی فوری مرمت انہوں نے سیوریج لائنز کی مکمل کلیرنس کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں، اسسٹنٹ کمشنر رب نواز نے کہا کہ شہر میں صفائی ستھرائی اور عوام کو مسائل سے بچانے کے لیے نشیبی علاقوں سے بارشی پانی کا انخلا ضروری ہے، تھرا پنجاب کی ٹیم میں تمام علاقوں کو بارشی پانی سے مکمل کلیئر کرنے کے لیے فیلڈ میں متحرک رہیں اور پرائیویٹ کمپنی کے کنٹریکٹر اور سپروائزر اس سلسلہ میں عوامی شکایات کے ازالہ کو ہر صورت ممکن بنائیں اور مون سون کے دوران نشیبی علاقوں سے بارش پانی کو نکالنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

افواج پاکستان ہمیشہ کی طرح دشمن کو ناکوں چنے چبوا دیں گے

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر حاجی رمضان سے) اسسٹنٹ کمشنر کوٹ رادھا کشن سہیل ریاض چمینہ نے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ افواج پاکستان ہر دم چوکس اور دشمن کی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کے لیے تیار ہیں۔ پاکستان خطہ میں پر امن ریاست ہے ہم امن چاہتے ہیں لیکن ہمیں بلا وجہ چھیڑا گیا تو افواج پاکستان اپنی سرحدوں کی حفاظت کرنا جانتی ہے میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ الحمدللہ پاکستان کی 24 کروڑ عوام افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اور افواج پاکستان ہمیشہ کی طرح دشمن کو ناکوں چنے چبوا دیں گے۔

مسلح ملزمان کی فائرنگ سے CCD ٹیم پر کوٹ باری کے قریب مڈھ بھیڑ ایک زخمی حالت میں گرفتار ایک فرار

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) CCD اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ دو مسلح ملزمان کی فائرنگ سے CCD ٹیم پر کوٹ باری کے قریب مڈھ بھیڑ ایک زخمی حالت میں گرفتار ایک فرار گرفتار ملزم کی شناخت عابد ولد لیاقت سکنہ 7 فوراہل سے ہونی پولیس پر حملہ مزاحمت اور اسلحہ برآمدگی کے تحت مقدمہ درج موقع سے پسٹل اور زندہ گولیاں برآمد، پولیس کی مزید کارروائی جاری گرفتار ملزم راہزنی اور موٹر سائیکل لفٹنگ کی 25 سے زائید وارداتوں میں ملوث پایا گیا موقع سے زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے DHQ ہسپتال اوکاڑہ منتقل کر دیا گیا سی ڈی ٹی ترجمان کے مطابق فرار ملزم صدی ولد اکرم اقبال کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں

ایس ایچ او موترہ نے کمسن بچی زیادتی کیس کا دوسرا ملزم بھی گرفتار کر لیا

سنگین جرائم کے مرتکب ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ ڈی پی او سیالکوٹ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایس ڈی پی او سرکل ڈسکہ کے تھانہ موترہ پولیس نے کم عمر بچی سے زیادتی کے مقدمے میں مطلوب مرکزی ملزم سلیمان کو گرفتار کر لیا۔ مقدمہ میں مطلوب ملزم کا دوسرا ساتھی طاہر پہلے سے پولیس کسٹڈی میں ہے۔ ملزمان نے تھانہ موترہ کے علاقہ پیرو چک میں دکان پر آئی 13 سالہ بچی کے ساتھ زیادتی کی تھی۔ اس سنگین واقعہ کا نوٹس وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لیا تھا گزشتہ روز وزیر اعلیٰ پنجاب کیجانب سے انکی نمائندہ نے متاثرہ بچی کے والدین کی مالی دادرسی بھی کی اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کا عندیہ بھی دیا تھا۔ فرض شناس ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کا کہنا ہے کہ بچوں سے زیادتی اور جنسی تشدد جیسے سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ ملزمان کو قانون کے مطابق سخت سزا دلوائی جائے گی۔

بلوچستان میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق 9 افراد میں سے ایک تعلق میاں چنوں سے ہے

غلام سعید والد کی تیمارداری کیلئے آرہا تھا کہ دہشت گردوں نے شہید کر دیا



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) بلوچستان میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق 9 افراد میں سے ایک تعلق میاں چنوں سے ہے، غلام سعید والد کی تیمارداری کیلئے آرہا تھا کہ دہشت گردوں نے شہید کر دیا تفصیلات کے مطابق میاں چنوں کے نواحی گاؤں 72 پندرہ ایل سے تعلق رکھنے والے غلام سعید بلوچستان میں دہشتگردی کا شکار ہو کر شہید ہو گئے، غلام سعید والد کی تیمارداری کیلئے اپنے گھر آرہا تھا کہ دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا، شہید غلام سعید کے پسماندگان میں چار بیٹے، دو بیٹیاں اور بیوہ شامل ہیں، اہل خانہ کا کہنا ہے کہ آئے روز دہشتگردی کے واقعات نے زندگی کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے، انہوں نے حکومت اور پاک فوج سے مطالبہ کیا ہے کہ دہشتگردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے ملک میں پائیدار امن قائم کیا جائے، گاؤں میں ہر آنکھ اشک بار ہے اور پورا گاؤں گھر پر جمع ہو گیا ہے۔

ایک ماہ قبل مردہ قرار دے کر تدفین کر دینے والا شخص زندہ گھر واپس پہنچ گیا

وزیر نامی شخص کی نعش ملنے پر اہل خانہ نے تدفین کر دی تھی، زندہ گھر واپس پہنچنے پر اہل خانہ خوشی سے نہال ہو گئے



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) ایک ماہ قبل مردہ قرار دے کر تدفین کر دینے والا شخص زندہ گھر واپس پہنچ گیا وزیر نامی شخص کی نعش ملنے پر اہل خانہ نے تدفین کر دی تھی، زندہ گھر واپس پہنچنے پر اہل خانہ خوشی سے نہال ہو گئے تفصیلات کے مطابق میاں چنوں کے نواحی گاؤں میں ایک ماہ قبل مردہ قرار دے کر دفن کیے جانے والا شخص زندہ گھر لوٹ آیا، وزیر نامی شخص نشے کا عادی تھا اور گھر والوں کو اطلاع ملی کہ وزیر وفات پا گیا ہے جسکی لاش ملی ہے، ورثاء نے لاش وصول کر کے شناخت کر کے تدفین کر دی تھی، گزشتہ ایک ماہ سے سوگ میں مبتلا گھر میں وزیر نامی شخص اچانک گھر واپس آگیا جس پر وزیر کو زندہ دیکھ کر اہل خانہ اور فاتحہ خوانی کے لئے موجود افراد دکھے بکے رہ گئے، وزیر کو زندہ دیکھ کر اہل خانہ خوشی سے نہال ہو گئے، اہلیان علاقہ کے مطابق ایک ماہ قبل جس شخص کی تدفین کی گئی وہ ہو بہو وزیر سے ملتا جلتا تھا۔

سی سی ڈی نے مبینہ مقابلہ کے دوران جرائم کے بادشاہ عدی ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) سی سی ڈی نے مبینہ مقابلہ کے دوران جرائم کے بادشاہ عدی ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا جبکہ احمد پور سیال سرکل میں موشیکی چور، ڈکیت گینگ کے مشہور کارکن تین درجن مقدمات میں مطلوب ریکارڈ یافتہ ملزم مبشر کو بھی زخمی حالت میں گرفتار کیا گیا ہے ایک ہی رات میں صدر احمد پور سیال سرکل نے مبینہ مقابلوں کے دوران زخمی ہونیوالے دو ملزمان گرفتار کر لیے ہیں سی سی ڈی جھنگ کے ترجمان کے مطابق سی سی ڈی جھنگ کی جرائم پیشہ افراد کے خلاف مسلسل کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے سی سی ڈی صدر سرکل کے اہلکار رات کو اپنی ٹیم کے ہمراہ گشت کر رہے تھے کہ تھانہ قادر پور کے علاقہ میر موڑ پل ولیاں والی پر ایک مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو روکنے کی کوشش کی تو اسی دوران موٹر سائیکل سواروں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کرتے ہوئے فصل میں چھپنے کی کوشش کی سی سی ڈی نے حفاظت خود اختیاری کرتے ہوئے جوابی فائرنگ سے ملزم عدنان عرف عدی کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا جبکہ ساتھی ملزمان رات کے اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے گرفتار زخمی ملزم عدنان عدی جھنگ، چنیوٹ، سلانوالی سرگودھا پولیس کو وارداتوں میں مطلوب تھا ملزم قبل ازیں پولیس مقابلے میں مارا جانیوالا جعفر دھید وآنہ کا قریبی ساتھی ہے مذکورہ ملزم نے سال 2020 میں تھانہ سٹی جھنگ کے علاقہ میں موبائل شاپ پر وارادات کے دوران دو کاندار کو زخمی کر کے لوٹنے اور پرانا چنیوٹ روڈ نزد بھٹہ سقلگیراں کے پاس ساتھیوں کے ہمراہ ناکہ لگا کر لوٹ مار کرنے وغیرہ درجنوں وارداتوں سمیت مقدمہ نمبر 394/20 تھانہ سٹی جھنگ پولیس کو مطلوب تھا علاوہ ازیں ملزم مذکور تھانہ قادر پور، مسن، ٹوبہ کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے ملزم علاقہ میں خوف کی علامت اور جرائم کا بادشاہ کہلواتا تھا زخمی ملزم کو فوری ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

تھانہ ہاؤسنگ کالونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ قاسم ڈکیت گینگ کے تین ارکان کو دوران واردات گرفتار کر لیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تھانہ ہاؤسنگ کالونی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ قاسم ڈکیت گینگ کے تین ارکان کو دوران واردات گرفتار کر لیا جن کے قبضہ سے ڈکیتی کی وارادات میں چھینی گئی نقدی موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز برآمد کر لئے، ڈی پی او بلال ظفر شیخ کے مطابق یہ گینگ ڈکیتی، راہزنی، موٹر سائیکل چھیننے اور نقب زنی کی درجنوں وارداتوں میں مطلوب تھا جن سے برآمد کیا گیا مال مسروقہ مالکان کو لوٹا دیا گیا ہے۔

ٹریفک حادثات کی روک تھام کیلئے ڈی ایس پی ٹریفک خرم شہزاد کی زیر نگرانی ٹریفک پولیس کی کاروائیاں جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کی ہدایت پر ٹریفک حادثات کی روک تھام کیلئے ڈی ایس پی ٹریفک خرم شہزاد کی زیر نگرانی ٹریفک پولیس کی کاروائیاں جاری ہیں۔ گزشتہ ماہ جون میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 10 ہزار سے زائد گاڑیوں کے چالان میں 66 لاکھ روپے سے زائد جرمانہ کیا گیا۔ ٹریفک پولیس نے 308 اوورسپیڈ، 2063 اوورلوڈنگ اور غفلت لاپرواہی کے 512 چالان کیے گئے۔ گزشتہ ماہ 1353 کم عمر ڈرائیوروں اور 410 بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کیخلاف کاروائی کی گئی۔ ماہ جون میں ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر ڈرائیونگ کرنے پر 1009 چالان میں بھاری جرمانہ وصول کیا گیا۔ لائن اینڈ لین کی خلاف ورزی پر 1513، سگنل 1564، دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر 759 گاڑیوں کیخلاف کاروائی کی گئی۔ گزشتہ ماہ جون میں غفلت لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے پر 4 ڈرائیوروں کیخلاف مقدمات درج کیے گئے۔

سی پی او چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین نے جامع مسجد غوثیہ لاری اڈا علاقہ تھانہ سٹی چکوال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) وزیر اعلی پنجاب کے ویژن، انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا کے احکامات پر ڈی پی او چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین نے جامع مسجد غوثیہ لاری اڈا علاقہ تھانہ سٹی چکوال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے حدود علاقہ اختیاری مساجد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا اور لوگوں کے مسائل سنے۔ مساجد کھلی کچہری میں لوگوں نے اپنے تمام مسائل بتائے جن پر فوری کارروائی کے احکامات صادر کرتے ہوئے موقع پر ہی انکے حل کے احکامات جاری کیے۔ پبلک سروس ڈیلوری کے معیار کو بہترین بنانا چکوال پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ ڈی پی او چکوال اس موقع پر چکوال پولیس کی طرف سے ضلع چکوال کی عوام کو کسی بھی غیر قانونی سرگرمی سے دور رہنے اور سماج دشمن عناصر، منشیات فروشوں ※ قحبہ خانوں اور کسی بھی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث افراد کی نشاندہی کریں اور چکوال پولیس کا ساتھ دیں۔ ڈی پی او چکوال وزیر اعلی پنجاب، آئی جی پنجاب اور آر پی او راولپنڈی ڈویژن کی ہدایت پر چکوال میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جارہا ہے، ڈی پی او چکوال کھلی کچہریوں کا مقصد تیز ترین انصاف شہریوں کی دہلیز پر فراہم کرنا ہے، عوام الناس اپنے مسائل لیکر بلاجھجک کھلی کچہریوں میں پہنچیں جہاں انکے مسائل موقع پر حل کیے جائیں گے

جہلم مسافر گاڑیوں کے خستہ حال ٹائر انسانی جانوں کے لئے خطرہ بن گئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم مسافر گاڑیوں کے خستہ حال ٹائر انسانی جانوں کے لئے خطرہ بن گئے۔ آئے روز بڑھتے حادثات کے باوجود متعلقہ ذمہ داروں نے چپ سادھی۔ مسافر گاڑیوں کی مکمل فٹنس بھی چیک نہیں کی جاتی، اکثر گاڑیاں ناکارہ ہو چکی ہیں تفصیلات کے مطابق لاری اڈہ سمیت دیگر مقامات سے سفر کرنے والے مسافروں سے کرایہ من مرضی کا وصول کیا جاتا ہے لیکن لاکھوں مالیت کی پرموٹ گارڈس کرش دھماکہ دیتی ہیں



طالبعلم پر استاد کا تشدد ڈی پی او چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کا فوری نوٹس

چکوال (ایم ایوب سلطانی) تھانہ ڈوھمن کے علاقہ خانپور مدرسے کے طالبعلم پر استاد کا تشدد ڈی پی او چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کا فوری نوٹس۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن، آئی جی پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور، ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین نے ایس ڈی پی او چوآسیدن شاہ کو اس معاملے کی شفاف انکوائری کرنے کے احکامات صادر کر دیئے۔ متاثرہ طالبعلم کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال سے طبی معائنہ کرایا جارہا ہے، بعد حصول میڈیکل رپورٹ ضابطہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی

جہلم وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کو جرائم کے خاتمہ کے لیے کارروائیاں کرنے کی کھلی چھوٹ دیدی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم وزیر اعلی پنجاب مریم نواز نے کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کو جرائم کے خاتمہ کے لیے کاروائیاں کرنے کی کھلی چھوٹ دیدی، 90 روز کے اندر پنجاب سے جرائم کا صفایا کرنے کے احکامات جاری، کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) ہفتہ 12 جولائی 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ
روزنامہ قوت
تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں لیکن اشتہار کے غیر حقیقی ہونے یا کسی بھی نوعیت کے غیر ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مفلوک الحال والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
042-3636003

نتیجہ — **نتیجہ جات** — **1**

کاپی رائٹ کا اعلان عام جنگ، تصویر کا کاپی رائٹ ہے، کوئی بھی اسے بغیر اجازت شائع نہ کرے، بصورت دیگر ہم پر بھی قانونی چارہ جوئی کی جائے گی، ادارہ

نتیجہ — **نتیجہ جات** — **2**

انسٹی ٹیکٹر ریس کی جانب سے جاری کردہ مختلف ٹریڈز کے ٹیسٹ پاس کرنے والے امیدواروں کے نام، ولدیت اور رول نمبر

نتیجہ — **نتیجہ جات** — **3**

ان خیالات کا اظہار مہمور یہ چیف کے لئے پاکستان کے نامزد سفیر برائے اقوام متحدہ کے ساتھ ملاقات کے دوران کیا جنہوں نے یہاں ایوان صدر میں ان سے ملاقات کی۔ صدر مملکت نے دونوں ممالک کے درمیان پارلیمانی اور ثقافتی وفود کے تبادلے کی اہمیت پر زور دیا۔ صدر مملکت نے شہریار آفریدی کو پاکستان مرکاہ کی زراعی ترقی کے لئے نئے نامزد سفیر مقرر کیا۔ ریٹائرڈ کموڈور عثمان حیدر نے صدر مملکت کو اسناد سونپ دیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کی زراعی ترقی کے لئے نئے نامزد سفیر کی خدمات کا منتظر ہوں۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، اقتصاب اور تمام مشترکہ شعبوں پر بات چیت ہوئی۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کے لئے ہمیں بیرون ملک پاکستانیوں کی مدد کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک پاکستانی ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں

روزنامہ ”قوت“ لاہور (8) ہفتہ 12 جولائی 2025ء

ممکنہ سیلاب، میانوالی اور بھکر کیلئے فلڈ وارننگ جاری

دریا کنارے غیر محفوظ علاقوں سے آبادی کا انخلاء یقینی بنایا جائے، متعلقہ ادارے الرٹ رہیں، چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان

بارشوں کے باعث حادثات میں 25 جون سے اب تک پنجاب میں 39 افراد جاں بحق، 103 زخمی ہوئے ہیں، پی ڈی ایم اے

لاہور (خبر نگار) دریائے سندھ میں چشمہ کے مقام پر دریا نے درجے کے سیلاب کے بعد میانوالی، لیہ اور بھکر کیلئے فلڈ وارننگ جاری کر دی گئی ہے۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے پی ڈی ایم اے کو ہدایت کی ہے کہ دریا کنارے غیر محفوظ علاقوں سے آبادی کے انخلاء کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے یہ ہدایت آج یہاں سول سیکرٹریٹ میں ڈپٹی کمشنرز کے ویڈیو لنک اجلاس کے دوران جاری کی، جس میں مکمنہ سیلاب اور سون سون بارشوں کے باعث ارسن فلڈ لنک سکیڑی پنجاب زاہد اختر زمان سول سیکرٹریٹ میں ڈپٹی کمشنرز کے ویڈیو لنک اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں



سے متعلقہ کیلئے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، انتظامات کیلئے محکمہ (بقیہ نمبر 43)

وزیراعلیٰ راشن کارڈ دائرہ کار ستھرا پنجاب کے ورکرز تک بڑھانے کا فیصلہ

تمام سی ای اوز کارڈ اہل ورکرز کی فہرستیں بھجوائیں، سہولت صرف اہلیت پوری کرنے والوں کو ملے گی

مختق ورکرز ہمارے سر کا تاج ہیں، ورکرز اور ان کے اہلخانہ کا ہر ممکن خیال رکھیں گے، وزیر بلدیات ذیشان رفیق

لاہور (خبر نگار) پنجاب حکومت نے وزیراعلیٰ راشن کارڈ کا دائرہ کار ستھرا پنجاب پروگرام کے ورکرز تک وسیع کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ یہ فیصلہ وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں ہونے والے ایک اجلاس کے دوران کیا گیا، جس میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں اور ایڈیشنل سیکرٹری احمد بلال قاضی سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ دی گئی کہ اس وقت پنجاب میں 1 کروڑ 20 لاکھ سے زائد راشن کارڈ ہولڈرز ہیں، جن میں سے 1 کروڑ 10 لاکھ کارڈ ہولڈرز کو ماہانہ 2 ہزار روپے کی رقم ادا کی جا رہی ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے ورکرز کی تعداد 1 لاکھ 20 ہزار ہے، جن میں سے 1 لاکھ 10 ہزار ورکرز کے کارڈ بنائے جا چکے ہیں۔ 10 ہزار ورکرز کے کارڈ بننا باقی ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے ورکرز کی بہتری کے لئے ایک الگ ونڈو بنائی جائے گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے ورکرز کی فہرستیں متعلقہ سی ای اوز کو بھجوائی جائیں